Then, sir, we come to the statement of spokesman of the Foreign Office. At about 4 O'clock, the spokesman makes a categorical statement with no

ambiguity whatsoever, the question of ambiguity is clearly given in the 'Nation' of the 23rd, the verbatim misprinted, in which he categorically stated that a missile has hit a target within Pakistan's territory. He has been repeatedly questioned, cross questioned and re-questioned by the international media, by our own local press and he stands firm to his ground and he says; yes, Pakistani territory has been hit, 5 to 6 people have been killed. That is the position that has been taken. The Prime Minister of Pakistan speaks to the President of the United States of America and tells the President of the United States of America over telephone, lodges a protest that your missiles have fallen in Pakistani territory and 5 to 6 Pakistanis, as a consequence of that, have been killed. Then what happens over the telephone line, perhaps only Mushahid knows. But what transpires, may be you were on the conference line, communications are really picked up these days, so, what transpired, we don't know. But we know what came as a consequence. As the consequence of that telephone call we find a total retraction, a total denial that no missile fell in Pakistan's territory, not a single Pakistani was killed within Pakistan's territory and what the honourable Foreign Minister was doing yesterday in his statement was very cleverly missing together various incidents, to try and make it as confusing as the budget, that he used to present. But the basic concrete, harsh reality is that there was a total acceptance. Clinton's telephone call what transpires a total denial.

It is for any sane person to keep in mind that this Government has been following a policy of capitulation throughout, that is the bottom line of their policy. So, what could have transpired in that telephone call, I will leave it at that but after the telephone call , there is a complete reversal of Pakistan's position. And then what do you have sir, you have two officers , the Chief

Secretary of the NWFP and the DG of the IB being summarily sacked , being made escapegoat and what do you have the next day , that is in yesterday's press the DG , IB says

کہ مجھے قربانی کا بکرا بنایا جا رہا ہے۔

the Chief Secretary says that I stand by my story, both of them say that our messages are present in the Prime Minister's House that we faxed , the Chief Secretary says that I said , yes , initial reports are there that a missile fell within Pakistan's territory and that I have directed the political agent to make queries and to report back the exact position. That is the message he says I faxed and that was in interim report and the DG, IB says , that I made no such report whatsoever.

The Government says this. These two gentlemen say this. They demand an inquiry by the judiciary into this matter and I think , we in the Senate demand that the Government should constitute a Committee of this House with equal representation from both sides, to go into this question because sir, this is not an easy matter. This is not a matter that can be just brushed aside, this is a matter which deals with Pakistan's national security. This is a matter which deals with Pakistan's security concern . The Government can not play ping pong with Pakistan , with Pakistan's people , with our security requirement , with our security necessities in such a manner . This is not a ping pong game being played or a table tennis game being played in Liaqat Gymnasium sir.

Then look at the other questions that are being raised and I hope that the Foreign Minister will answer them but I don't think so, because I don't see him taking a single note , Mushahid has been doing that . So, perhaps I should be waiting for a reply from Mushahid and I would I think, address my questions

to Mr. Mushahid Hussain . Then it has been alleged in " The Jang " of the 23rd that this Government had information , prior to the attack. It has been alleged again in the press of the 24th that this Government had prior knowledge. I am not repeating sir, have the patience please. It has been alleged in the press of the 24th that this government had prior knowledge of the attack. It has been alleged in the press of the 24th that the Navy informed the government of the presence of the ships of the United States. Inside or outside Pakistan's territorial waters. The Foreign Minister yesterday said that yes, they had informed us but they did not tell us that they would be firing missiles. I would most humbly sir, ask the Foreign Minister that once your defence forces give you an information that warships of a super power are cruising in your territorial water or just outside of your territorial waters. Is it not incumbent upon you to make a query from that country that as to what is the need of the presence of these warships just outside Karachi? Is that asking too much from this government to ask the Americans that what is the purpose of warships patrolling Pakistan's territorial waters? Did they tell us that they are going to fire cruise missiles from those ships? Do they think, they are insulting the intelligence of the people. Mr. Chairman, despite they claim that they had no knowledge. The spokesman yesterday, it has been reported in yesterday's press, the spokesman of Osama Bin Ladden has said, has insinuated that the missiles have come from the North - West. And he has also gone on to say that they could not have been just dropped from the sky. What does that insinuation need? Has the government bothered to clarify that position? The United States is repeatedly saying that we are going to continue the attacks, that this is just the initiative attack? That the attacks are going to continue. Can this regime turn around and tell the Parliament,

tell the people of Pakistan that what steps have they taken and what steps are they contemplating to take in the coming days to prevent a real terrorist of such a phenominon? These are basic questions sir, that this government has to answer and this government has failed to answer and is failing to answer. I will just take a second more sir and I shall wind up.

Finally sir, we have witnessed yesterday a complete turn about by the Foreign Minister on Pakistan's Afghan policy. A complete turn about, he spoke of instable government in Afghanistan. They have been talking of a stable government. He spoke about sending people across at times. Yes, people have gone across the border. This admission coming for the first time by a Pakistani official and then he further went on to say that the making of this crisis were initiated by the United States. Thereby meaning that the policy pursued and supported by them during the tenure of Zia-ul-Haq on Afghanistan was a folly.

In final conclusion sir, I would say that apart I detach all other failures of foreign policies, I detached them totally but on the single question of statement, statement retraction, statement admission, on this simple question, in any parliamentary form of government, the onus is not placed on functionaries in the bureaucracy. In any parliamentary form of government, the Prime Minister, the Minister concerned must have the moral courage to admit the mistake, take on the responsibility and tender their resignation immediately and this is what the Opposition demands that the Foreign Minister and the Prime Minister should tender their resignation immediately on this issue alone. Thank you, sir.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، جناب خدائے نور ۔

جناب خدائے نور ، جناب چیئرمین، بہت بہت شکریہ، میں تو خیال کر رہا تھا کہ میرا نمبر آخر میں آئے گا لیکن آپ نے پہلے ہی پکار دیا اور رضا ربانی صاحب کی تقریر کے بعد۔ میں شروع اس بات سے کروں گا ہمارے ایک محترم ساتھی نے کھڑے ہو کر یہ کہا کہ اگر فارن پالیسی ہو تو اس پر بحث کی جائے۔ شیخ صاحب نے یہ بات کہی تھی۔ میں ان سے یہ کہوں گا اس بات پر کہ وہ اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر یہ کہیں کہ اگر آج فارن پالیسی نہیں ہے تو کب تھی۔ اگر آج نہیں تو کب تھی یہ بھی اگر وہ بتا دیتے تو شاید ہمیں کچھ تسلی ہو جاتی کہ آج نہیں اس سے پہلے تھی۔ بہرحال میری پارٹی کی یہ پالیسی ہے کہ ہر اچھے کام کو اچھا کہو، برے کو برا کہو۔ اگرچہ میں یہاں حکومتی بنچوں پر بیٹھا ہوں لیکن اسی اصول کے تحت یہ بات کہوں کہ فارن پالیسی ہماری اچھی بھی رہی ہے اور کہیں جلد بازی بھی کی گئی؛ کوتاہی بھی ہوئی ہے لیکن یہ کیوں ہوئی ہے کیسے ہوئی ہے میں یہی کہوں گا کہ پچھلے دس سال کا مارشل لاء کا دور، ضیاء الحق کا دور، افغان پالیسی یہ سب وہاں سے ہوتا ہوا آج تک وہی چلا آ رہا ہے۔

(مداخلت)

جناب خدائے نور ، وہ تو میں نے پہلے کہہ دیا۔ میں پچھلا پورا دور لگا رہا ہوں۔ وہ تو میں نے کہہ دیا کہ اگر پالیسی پہلے تھی تو وہ ہمیں بتا دیا جائے۔ نہ پہلے تھی نہ اس کے بعد رہی۔ اب اس وقت یہ ایک فیشن بن چکا ہے جناب چیئرمین، اگر مجھے کہیں ٹھوکر لگ جائے میں گر جاؤں تو کہوں گا کہ یہ پاکستان ہے۔ یہ فیشن بن چکا ہے کہ ہماری فارن پالیسی بالکل کچھ نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں فارن پالیسی حالات کے مطابق ہوا کرتی ہے۔ جیسے حالات ہوں آپ اسی کے مطابق فارن پالیسی مرتب کریں گے۔ ہمارے ہمسایہ ممالک سے اگرچہ کچھ ان بن ہے۔ اگرچہ کچھ اچھے تعلقات نہیں ہیں لیکن اس پر یہ کہہ دینا کہ یہ ہماری ہی کمزوری ہے، پاکستان کی کمزوری ہے موجودہ حکومت کی کمزوری ہے، تو یہ زیادتی ہوگی۔ ہماری حکومت نے ہر دور میں ہمیشہ امن کی بات کی ہے۔ ہمسایہ ممالک سے خاص کر انڈیا سے، جنوبی ایشیاء کو امن کا گہوارہ بنانے کے لئے پہل بھی یہاں سے ہوئی ہے موجودہ حکومت سے ہوئی ہے لیکن اگر دوسری طرف سے ہٹ دھرمی ہوتی ہے وہ بات آج کچھ کرتے ہیں کل کچھ اور کریں تو اس پر مورد الزام موجودہ حکومت کو ٹھہرانا میرے خیال میں یہ زیادتی ہوگی۔ ایران کے ساتھ، چین کے ساتھ، اسلامی ممالک کے ساتھ، میرے

دوست ربانی صاحب نے بھی یہی بات کی ہے، ہمارے تعلقات بڑے اچھے ہیں، شروع سے اچھے چلے آ رہے ہیں بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ اکثر یورپین ممالک کے ساتھ ہمارے تعلقات کچھ ایسے خراب نہیں ہیں اور میں یہ بھی کہتا ہوں کہ کوتاہی بھی ہے، غلطیاں بھی ہوئی ہیں تو اس کی نشاندہی کرنا میں اپنا فرض سمجھتا ہوں۔

میں فارن منسٹر صاحب سے یہ ضرور کہوں گا کہ جو ہماری ایمبیسیاں ہیں، سفراء ہیں، قونصل جنرلز ہیں، جہاں جہاں ہیں، ان کی وجہ سے، ان کی نااہلی کی وجہ سے، وہاں پر عیش و عشرت کی زندگی گزارنے کی وجہ سے آج یہ بات ہمیں سننی پڑتی ہے۔ یہ ان کی کمزوری ہے لیکن ہماری حکومت یا تو سیاسی مصلحت کے تحت یا کسی اور بات کی وجہ سے اس طرف توجہ نہیں دے رہی ہے۔ میں تو یہ کہوں گا جناب وزیر خارجہ صاحب سے کہ یہ جتنی بھی اس وقت آپ کی ایمبیسیاں ہیں یا وہاں پر جو ہمارے سفراء صاحبان ہیں ان کی تقرری کا، ان کی کارکردگی کا از سر نو جائزہ لیں۔ ان کو وہاں عیش و عشرت کی زندگی بسر نہیں کرنی چاہئیے۔ وہ ملک و قوم کا ایک نمائندہ وہاں بیٹھا ہوا ہے۔ میں آپ کو یہ کہوں گا کہ وہاں سے جو بھی پاکستانی یہاں آتا ہے اپنے سفیر کی کوتاہی اور اس کی شکایات یہاں لے کر آتا ہے کہ وہ ہمیں پوچھتا ہی نہیں ہے، ملتا ہی نہیں ہے۔ اب یہ فارن پالیسی کا ایک حصہ ہے۔ آپ ایک چیز کو تو پکڑ لیتے ہیں، ایک چیز پر بات کرتے ہیں لیکن جو اصل پہلو ہے اور اچھا پہلو ہے اس کو آپ نظر انداز کر دیتے ہیں۔

جب آپ دھماکہ کر رہے تھے، یہی کلنٹن، یہی مغربی ممالک فون پر فون کر رہے تھے کہ یہ آپ نہ کریں، ہم سے پیسے لیں، جتنا آپ کو چاہئیے وہ لیں لیکن میں کہتا ہوں کہ یہ میاں صاحب کی خارجہ پالیسی ہی تھی کہ انہوں نے کہا کہ نہیں ہمیں پیسے کی ضرورت نہیں ہے، ہمیں اپنی سالمیت کی ضرورت ہے، ہم اپنی سالمیت پر کام کریں گے، پاکستان کی سالمیت عزیز ہے۔ انہوں نے اس پیسے کو ٹھکرایا۔ ہم جو یہ کہہ رہے ہیں اور آپ بھی کہہ رہے ہیں، سب یہ کہہ رہے ہیں کہ ہماری اقتصادی حالت خراب ہے، کیوں کہہ رہے ہیں؟ وہ پیسے لے لیتے تو شاید حالت خراب نہ ہوتی لیکن وہ پالیسی تھی، ملک کی پالیسی تھی، حکومت کی پالیسی تھی کہ پیسوں سے ہمیں ملک زیادہ عزیز ہے۔ آج آپ سرخرو ہیں، آج آپ اقوام عالم میں ایک مقام رکھتے ہیں۔ یہ آپ کی فارن پالیسی تھی۔ آپ ایک اچھے کام کو اچھا کام کہیں لیکن صرف یہ کہہ دینا کہ یہ نہیں ہوا اور یہ نہیں ہو رہا ہے، CTBT پر دستخط ہو رہے ہیں، نہیں ہو رہے ہیں۔ جناب والا! یہ بھی حالات کے

مطابق ہی ہوں گے۔ جس وقت CTBT کا موقع آئے گا جیسے پہلے بھی کہا کہ انڈیا کے ساتھ ہم نے اپنے آپ کو منسلک کیا تھا۔ اب بھی کہتے ہیں کہ حالات کے مطابق دیکھیں گے لیکن ہم نے اپنا لوہا منوایا اب CTBT کوئی معنی نہیں رکھتا۔ ہم نے ان کو منوایا کہ ہمارے پاس وہ طاقت ہے۔

جناب والا! اب افغانستان کے issue پر آتا ہوں ۔ جیسے میں نے کہا کہ یہ افغانستان کا issue پچھلے دور سے چلا آ رہا ہے۔ اس میں تھوڑی بہت غلطی موجودہ حکومت کی ضرور ہے۔ ہم نے بغیر سوچے سمجھے طالبان کی حکومت کو سب سے پہلے تسلیم کر لیا اور آج ہم یہ کہہ رہے ہیں۔ یہ بات ہمارے وزیرخارجہ صاحب کی بھی ہے کہ وہاں ہم چاہتے ہیں کہ ایک مستحکم حکومت ہو ۔ اس سے اندازہ یہی ہوتا ہے کہ موجودہ حکومت مستحکم نہیں ہے اور اگر موجودہ حکومت مستحکم نہیں تھی تو آپ نے تسلیم کیوں کیا ؟ آپ نے جلد بازی سے کیوں کام لیا ؟ ہم بھی یہ چاہتے ہیں کہ وہاں ایک مستحکم حکومت ہو ،عوامی حکومت ہو ، لوگوں کی رائے کے مطابق حکومت ہو ۔ افغانستان کے اثرات ، جو کچھ بھی وہاں ہو ، ہم پر بھی پڑیں گے ۔ ہماری سرحد ان کے ساتھ منسلک ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ ان کے ساتھ رویئے پر نظرثانی کی ضرورت ہے ۔

افغان مہاجرین کی یہاں بھرمار ہے۔ میں موجودہ حکومت کو نہیں کہوں گا کہ ان کے دور میں یہ بھرمار ہوئی۔ یہ ضیاء الحق کے دور میں آئے ہیں ۔یہ تیس لاکھ، پچاس لاکھ افغان مہاجرین جو یہاں آئے یہ ضیاء الحق کی پالیسی تھی ۔اب آپ ان کو فوری طور پر نہیں نکال سکتے حالانکہ ان سے ہم زیادہ متاثر ہیں یعنی بلوچستان ہی متاثر ہو رہا ہے ۔ شاید پنجاب، سرحد اور سندھ نہیں ہو رہا ہے لیکن ہم پھر بھی یہ کہتے ہیں کہ ہم ان کو نکال نہیں سکتے ہیں۔ اس پالیسی کو آپ موجودہ حکومت کے سر نہ تھوپیں ۔یہ نہ کہیں کہ موجودہ حکومت کے دور میں یہ سب کچھ ہوا ۔

ایران سے ہمارے تعلقات میں، میں یہ تو ضرور کہوں گا کہ پہلے سے بھی زیادہ اچھے ہیں۔ اگر لوگ یہ کہتے ہیں کہ اچھے نہیں ہیں، ہاں یہاں کچھ ایسے واقعات ہوئے جن کا اس پالیسی سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔فرقہ واریت شیعہ سنی فسادات یہاں ہوئے لیکن کس نے کرائے ؟ کون کرا رہا ہے یہ سب کو معلوم ہے لیکن ہمارے اور ایران کے درمیان دوستی میں پہلے سے زیادہ مضبوطی ہے ۔ کل کی بات ہے کہ ایرانی صدر نے کہا کہ یہ چیزیں ہماری دوستی میں رکاوٹ نہیں بن سکتیں ۔

ہم چاہتے ہیں کہ انڈیا کے ساتھ تعلقات اچھے ہوں لیکن ہندوستان کو بھی جس سے ہمارا ایک آپس کا تنازعہ ہے ' وہ اس سرگرمی سے باز آئے اور اس کی طرف توجہ دے' وہ تنازعہ حل کرے' میز پر بیٹھ کروہ کشمیر کا مسئلہ حل کرے اور کچھ بھی نہیں۔ کشمیری ہمارے بھائی ہیں۔ آپ بھی کہہ رہے ہیں ہم بھی کہہ رہے ہیں کہ ہزاروں کی تعداد میں وہاں لوگ شہید ہو رہے ہیں۔ چھ سات لاکھ فوج انڈیا نے وہاں بھیجی ہوئی ہے۔جب تک یہ تنازعہ حل نہیں ہوگا نہ آپ کی پالیسی کام آئے گی نہ آپ کی پالیسی بنے گی۔ہماری پالیسی بحیثیت پاکستان کی پالیسی کہ سب سے پہلے ہندوستان کے ساتھ کشمیر کا مسئلہ حل ہونا چاہیئے اقوام متحدہ کے منشور کے مطابق ' اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق۔ ہم نہیں چاہتے کہ اس پر جنگ ہو۔ نہ ہی ہندوستان چاہتا ہے کہ جنگ ہو کیونکہ ہندوستان اور پاکستان جنگ کے متحمل نہیں ہوسکتے۔اگر آپ جنگ کی بات کرتے ہیں' یہ بات کرنی بڑی آسان ہے۔ آپ یہ کہیں کہ یہ پالیسی ہو کہ یلغار کرلو کشمیر پر۔ ہم اس کے متحمل ہو نہیں سکتے۔جو پالیسی بنانے والے ہوتے ہیں وہ سوچ سمجھ کر فیصلہ کرتے ہیں کہ ہمیں جنگ کرنی پڑے گی کرنی چاہیئے یا نہیں کرنی چاہیئے۔

جناب والا! میں یہ ضرور کہوں گا کہ پاکستان کی موجودہ حکومت کی خارجہ پالیسی میں کمزوری بہت کم ہے اور اس میں اچھے تاثرات بہت زیادہ ہیں۔ اس سے زیادہ اچھی اور صحیح پالیسی شاید پہلے کسی نے دی ہو ' وہ بھی ہمیں بتا دیں تو میں قائل ہو جاؤں گا۔ کسی نے بھی آج تک کشمیر کے مسئلے کو اتنا اجاگر نہیں کیا جتنا موجودہ حکومت نے کیا۔ میں جناب والا! یہ کہوں گا کہ کشمیر پر ہم نے پاکستان کو داؤ پر لگایا ہے۔ کشمیر کے متعلق جیسے وہ کہتے ہیں کہ اٹوٹ انگ ہے ہم بھی کہتے ہیں کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے۔ لیکن کہنے سے یہ مسائل حل نہیں ہوں گے ' بیٹھ کر بڑے اچھے طریقے سے ' دوستانہ طریقے سے ' ایک ہمسایہ کے ہمسائیگی کے طریقے سے اس مسئلے کو حل ہونا چاہیئے۔ اصل میں ایک ملک کی پالیسی کو اس کے ہمسایہ ممالک کے تناظر میں دیکھا جاتا ہے کہ اس کے ہمسایہ ممالک کی کیا پالیسی ہے۔ ہمارا قریب ترین ہمسایہ ایک ایسا ہمسایہ ہے ' ہندوستان ' جو آج کچھ کہتا ہے کل کچھ اور کہتا ہے۔ اس کا جو بھی وزیر اعظم آیا کسی ایک بات پر نہیں ٹھہرا۔

Mr. Presiding Officer: Please conclude now.

جناب خدائے نور۔ بہرحال جناب والا! میں یہ کہوں گا کہ افغانستان کے بارے میں ہماری پالیسی کچھ واضح ہونی چاہیئے۔ ہماری پالیسی دوسرے ہمسایہ ممالک کے ساتھ اور خاص کر جنوبی ایشیاء کے ممالک کے ساتھ امن پسندانہ ہونی چاہیئے جیسا کہ میاں صاحب نے کہا ہے کہ اس کو مہلک ہتھیاروں سے پاک علاقہ قرار دیا جائے، اس پر اور زور دیا جائے اور اس کو ان لوگوں سے منوایا جائے تاکہ یہ امن کا گہوارہ ہو۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ حافظ فضل محمد۔

حافظ فضل محمد۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم الحمد للہ و کفٰی و سلام علٰی عبادہ الذین اصطفٰی، اما بعد ۔ جناب والا! پاکستان کی خارجہ پالیسی ہماری نظر میں ابتداء ہی سے صحیح بنیادوں پر استوار نہیں ہوئی تھی ۔ جب سے پاکستان بنا اس وقت سے لے کر آج تک پاکستان کا جھکاؤ امریکہ اور اس کے اتحادی ممالک کی طرف حد سے زیادہ بڑھتا چلا آ رہا تھا ۔ اس حد تک تو ہم بھی قائل ہیں کہ پاکستان کے ایک آزاد مملکت کی حیثیت سے پورے دنیا کے ممالک خصوصاً" اسلامی ممالک سے اچھے دوستانہ اور باوقار تعلقات ہونے چاہئیں لیکن مصیبت یہ تھی کہ ہم امریکہ کی حد سے زیادہ چاپلوسی کیا کرتے تھے اور یہی ہماری مشکلات، مصائب کی جڑ تھی ۔ جناب والا! ہم ابتداء سے ہی یہ کہا کرتے تھے کہ امریکہ کبھی بھی ہمارا دوست نہیں ہو سکتا ۔ امریکہ کی اپنی ترجیحات و مفادات ہیں جب تک ان کے مفادات ہم سے پورے ہوتے ہیں تو وہ ہمارا دوست ہے لیکن جب ان کے مفادات کے لئے ہم کارآمد نہیں ہوں گے اس وقت وہ ہمیں ایک ہڈی کی طرح ایک طرف پھینک دے گا۔

جناب والا! جب روس نے افغانستان سے نکلنے کا فیصلہ کر لیا اور وہاں سے نکلا۔ اسی دن سے امریکہ کا رویہ پاکستان کے ساتھ بالکل تبدیل ہو گیا اور ایسے محسوس ہوتا تھا کہ کبھی پاکستان اور امریکہ کے درمیان کوئی تعلقات ہوئے ہی نہیں ہیں اور پاکستان اور امریکہ ایک دوسرے کو جانتے بھی نہیں ہیں۔ اس انداز کو اپنایا۔ اور ہم اس وقت بھی کہا کرتے تھے کہ یہ امریکہ ہو چاہے روس ہو جتنی استعماری اور سامراجی قوتیں ہیں وہ ہمارے دوست نہیں ہو سکتے۔ وہ اپنے مفادات کی خاطر ہمیں استعمال کریں گے اور یہی کچھ ہوا۔ جب ان کے مفادات ہمارے ساتھ وابستہ نہیں رہے تو ان کا رویہ آپ دیکھتے ہیں کہ فوراً سب سے پہلے اس دہشت گردی کا مظاہرہ کیا اور بین الاقوامی

غنڈہ گردی کا ثبوت امریکہ نے فراہم کر دیا۔ ہم نے رقم بھی دی تھی F-16 طیاروں کے لئے اور اس کے باوجود فوراً قانون سازی کر کے ہماری رقم کو بھی روک دیا اور ہمارے طیارے بھی روک دیئے۔ یعنی پوری دنیا میں یہ ایک واحد مثال ہے اس قسم کی بدمعاشی اور غنڈہ گردی کی۔ حقیقت یہ ہے کہ اس کے باوجود پاکستان کا رویہ ان کے ساتھ معذرت خواہانہ ہے اور انتہائی چاپلوسانہ رویہ ہے۔ ابھی تک پاکستان نے ان کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر کبھی اس انداز سے بات نہیں کی ہے کہ بھائی ہم ایک آزاد مسلم ملک ہیں ایک آزاد ریاست ہیں بلکہ اب تو الحمدوللہ ہم ایک ایٹمی قوت بھی بن چکے ہیں اس کے باوجود ہم نے کبھی بھی امریکہ کو یہ نہیں کہا ہے اس انداز سے جو کہنے کا حق ہے ۔جناب عالی! یہ بہت بڑی بدمعاشی ہے یہ حقیقت ہے بہت ہی غلط سلوک ہے۔ دنیا جہاں کے قوانین کو پامال کر کے یہ بھی ایک ستم ظریفی ہے کہ امریکہ پوری دنیا کے لئے جناب عالی! پیمانے بناتا ہے، اخلاقیات کا معیار بھی امریکہ بناتا ہے، قوانین بھی دنیا کے لئے وہ بناتے ہیں اور world order پوری دنیا کے لئے وہ بھی امریکہ بناتا ہے۔ جب بھی کوئی ان کے مفادات کے لئے استعمال نہ ہو رہا ہو، جب ان کے مفادات ختم ہو جائیں تو پھر دنیا کا دہشت گرد بھی بن جاتا ہے۔ یہی لوگ جو کل افغانستان میں لڑ رہے تھے تو یقیناً امریکہ بھی ان کو مجاہد کہا کرتے تھے اور ان کی بہت حد تک امداد بھی کرتے تھے لیکن انہی لوگوں نے جب امریکہ کو challenge کر دیا اور ان کو یہ بتا دیا کہ افغانستان میں ہم اپنی cause کے لئے، اپنے نظریات کے لئے اپنے مفادات کے لئے، اپنے عقیدے کے لئے، اپنی سرزمین کے لئے لڑے رہے تھے تمہارے لئے نہیں لڑ رہے تھے اسی لئے امریکہ کا اب رویہ اس کے خلاف ہو گیا ہے۔ پوری دنیا میں اس کے خلاف دہشت گردی کا propaganda کر رہا ہے بلکہ propaganda تو چھوڑو اب تو ان کے خلاف عملی اقدامات بھی کئے جا رہے ہیں۔ یہی کچھ ہمارے ساتھ بھی شاید ہو جائے جو امریکہ افغانستان اور سوڈان کے لئے کر رہا ہے اور لیبیا کے خلاف کر رہا ہے الجزائر کے خلاف کر رہا ہے۔

جناب عالی! مجھے تو یقیناً اس بات پر دکھ ہے کہ اب دنیا میں نہ اخلاقیات رہی نہ روایات نہ کوئی قانون نہ کوئی منطق نہ کوئی اصول ۔ حتیٰ کہ یہاں بہت سے لوگ ہم دیکھتے ہیں کہ اپنے آپ کو بہت بڑے اصول پرست کہا کرتے ہیں اور اپنے آپ کو بہت بڑے اصول پسند اور اصول کے لئے لڑنے والے کہلواتے ہیں لیکن آج ہم ان کو بھی دیکھتے ہیں کہ وہ اصول کو پامال کر رہے ہیں۔ جناب عالی! دنیا میں جنگ ظالم اور مظلوم کی ہے اور ہر سیاسی جماعت کا یہ بنیادی فرض

ہے کہ وہ مظلوم کا ساتھ دے اور مظلوم کے لئے آواز اٹھائے یہی لوگ جب روس زندہ تھا روس کے کچھ عالمی مفادات تھے سیاسی لحاظ سے، امریکہ کے ساتھ عالمی سطح پر، تو یہ لوگ فلسطین کا مسئلہ بھی اٹھاتے تھے، کشمیر کا مسئلہ بھی اٹھاتے تھے، دنیا جہاں میں جو امریکہ کے خلاف کہیں بھی کوئی تحریک ہوتی تھی تو یہ لوگ ان کی حمایت کرتے تھے لیکن جب سے روس کا خاتمہ ہوا ہے جب سے روس زوال پذیر ہوا ہے اس کے بعد چوں کہ وہ روس نہیں رہا وہ نعرہ نہیں رہا امریکہ کے خلاف روس کے مفادات نہیں رہے اب وہ لوگ بھی خاموش ہو گئے۔

افسوس کی بات تو یہ ہے کہ جب بھی کوئی یہاں خارجہ پالیسی پر بات ہوتی ہے تو سب سے پہلے افغانستان کو سامنے لایا جاتا ہے کہ افغانستان کے حوالے سے پاکستان کی پالیسی اس طرح ہے۔ افغانستان کے حوالے سے پاکستان نے غلط پالیسی اپنائی ہے۔ جناب عالی! ہمیں یہ بتایا جائے کہ فارن پالیسی ایک ملک کے حوالے سے تشکیل پاتی ہے ایک سیاسی جماعت کے جو مخصوص نظریات ہیں اس کے حوالے سے ملک کی خارجہ پالیسی تشکیل نہیں پاتی ہے۔ میں مانتا ہوں کہ بہت سے لوگوں کے اپنے مخصوص سیاسی نظریات کے حوالے سے پاکستان کی خارجہ پالیسی جو افغانستان کے بارے میں انہوں نے اپنا رکھی تھی یقیناً ان سیاسی جماعتوں کے مخصوص نظریات کے حوالے سے وہ پالیسی غلط تھی لیکن آپ ملک کے حوالے سے بتائیں کہ اگر پاکستان اس پالیسی میں افغان مجاہدین کی حمایت نہیں کرتے تو کیا پوری دینا کے لئے ایک واضح حقیقت نہیں ہے کہ روس افغانستان کے لئے نہیں آیا تھا۔ وہ گرم پانی پر پہنچنے کے لئے آیا تھا۔ وہ پاکستان کو ہضم کرنے کے لئے آیا تھا۔ وہ مشرقی وسطیٰ پر قبضہ کرنے کے لئے آیا تھا۔ وہ تیل کے مراکز پر، ذخائر پر قبضہ کرنے کے لئے آیا تھا۔ وہ گرم پانی کی بندر گاہوں تک پہنچنے کے لئے آیا تھا۔ وہ اس لئے نہیں آیا تھا کہ افغانستان کے انتہائی پسماندہ دور دراز مشکل گزار پہاڑوں پر قبضہ کرے۔ اس کی روس کو کوئی ضرورت نہیں تھی۔ وہ پاکستان کو ہضم کرنے کے لئے آیا تھا۔ جناب عالی! یہ حقیقت ہے۔

ایک پاکستانی کی حیثیت سے قطع نظر اس سے کہ میرا تعلق کس جماعت سے ہے اس وقت یہ پالیسی بالکل صحیح پالیسی تھی کہ افغانستان کی جنگ میں اخلاقی سیاسی اور اسلامی ہر لحاظ سے پاکستان افغانستان کے مظلوم اور مفلوک الحال عوام کی حمایت کرتا۔ یہ پاکستان کا فرض بنتا تھا۔ عجیب بات ہے یہی اصول اگر اپنایا جائے کہ ہر طاقتور کو ایک غریب پر قبضہ کرنے کا حق دیا

جائے تو جناب عالی ! یہ پچاس سال سے امریکہ کو گالیاں کس بنیاد پر دے رہے تھے ۔

جناب عالی ! ہم اسرائیل کے کیوں خلاف ہیں۔ ہم اسرائیل کو کیوں برابھلا کہتے ہیں اور اسرائیل کو دہشت گرد کہتے ہیں اور اسرائیل کو ناجائز قابض کہتے ہیں ۔ اس لئے کہ وہاں کے عوام کی مرضی کے بغیر وہ مسلط ہو کر وہاں کی زمین پر قبضہ جما رہا ہے۔ وہاں کے جغرافیہ اور ان کے تمام نظام پر قبضہ جما رہا ہے۔ جناب عالی ! ہم پھر کس اصول کی بنیاد پر، کس دلیل کی بنیاد پر ' کس فلسفہ کی بنیاد پر بھارت کے خلاف کہیں گے ' دلیل پیش کریں گے کہ بھارت نے کشمیر کے مظلوم عوام پر غاصبانہ قبضہ جما رکھا ہے ' کس دلیل کی بنیاد پر۔ یہی اصول ہے دنیا میں ۔ افغانستان میں بھی جب روس نے ظالمانہ ' جابرانہ' ٹینکوں کے بل بوتے پر راتوں رات قبضہ کر کے پچیس ہزار افغانی مسلمانوں کو ایک ہی رات میں شہید کر کے وہاں پر قبضہ جمایا تو وہ قبضہ کس دلیل کی بنیاد پر جائز تھا۔ مجھے تو تعجب ان لوگوں پر ہے کہ اس قبضے کو تو جائز سمجھ رہے تھے' اس حکومت کو تو خوش آمدید کہا کرتے تھے۔ وہ حکومت جو قابض' ظالم' جابر' مسلط شدہ ' وہاں کے عوام کی مرضی کے خلاف تھی اس کے آنے پر تو وہ خوشیاں مناتے تھے' وہ مٹھائیاں تقسیم کرتے تھے' وہ رقص کیا کرتے تھے' کن اصولوں کی بنیاد پر مجھے بتایا جائے کہ وہ کونسی منطق ہے' کونسے اصول ہیں' کیا وہ بین الاقوامی اصول ہیں یا سیاسی اصول ہیں' کیا اخلاقیات ہیں' کیا کوئی منطق ہے' کس دلیل کی بنیاد پر ان کو خوش آمدید کہا کرتے تھے۔

آج بھی پوری دنیا میں یہی ظالم و مظلوم ہیں ' حالانکہ جمیعت علماء اسلام وہ سیاسی اور دینی جماعت ہے جس پر یہ لیبل لگایا جاتا تھا' ہم پر یہ الزام ہمیشہ لگایا جاتا تھا کہ یہ سرخ مولوی ہیں' یہ کمیونسٹ مولوی ہیں' یہ روس نواز مولوی ہیں لیکن جب افغانستان میں روس نے ناجائز قبضہ کر لیا ' کسی بھی دلیل کی بنیاد پر وہ قبضہ نہیں تھا تو ہم نے ان کی مخالفت کی' مخالفت نہیں بلکہ ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ آج بھی ہم اسی مقام پر کھڑے ہیں۔ ہم اس وقت بھی کہا کرتے تھے کہ یہ دو عالمی سامراج ہیں' یہ کسی بھی صورت میں ہمارے دوست نہیں ہیں۔ وہ ہمارے وسائل لوٹنے کے لئے ہمارے پاس آتے ہیں۔ وہ ہمارے وسائل سے اپنے ممالک میں محلات بنانے کے لئے ہمارے یہاں قبضہ جماتے ہیں۔ ہم اس وقت بھی ان کے خلاف تھے۔ جناب عالی ! انہی اصولوں کی بنیاد پر ہم انگریزوں کے خلاف بھی لڑتے تھے۔ اگر وہ لوگ جو انگریزوں کے خلاف تحریک آزادی کے بارے میں بڑے فخر سے کہا کرتے ہیں کہ ہم اس تحریک آزادی کے ہیرو ہیں' ہم بھی مانتے

ہیں کہ شاباش تم نے انگریزوں کے خلاف یقیناً تحریک آزادی میں بہت بڑا حصہ لیا اور بہت بڑا کردار ادا کیا ہے، تو انگریزوں کے خلاف ہماری تحریک آزادی کا کیا جواز تھا۔ اس وقت بھی تو یہی اصول کارفرما تھا کہ ایک ظالم اور جابر بدمعاش نے ایک بہت ہی دور دراز علاقے سے جاکر وہاں غریب اور مظلوک الحال، ایک کمزور ملک پر قبضہ جما رکھا تھا۔ ہم اس وقت سو سال سے، ڈیڑھ سو سال سے تحریک آزادی چلا رہے تھے انہی اصولوں کی بنیاد پر۔ ہم یہی کہتے تھے اور اب بھی کہتے ہیں کہ ایک طاقتور کو کسی بھی صورت میں یہ حق نہیں پہنچتا کہ ایک غریب پر اس طرح ظالمانہ قبضہ جمائے۔

جناب عالی! ہم آج بھی ان تمام سیاسی جماعتوں سے یہی درخواست کرتے ہیں کہ آپ ان اصولوں کو اپنائیں، جہاں بھی ہوں۔ ظالم اور مظلوم کی بنیاد کو پرکھا اور ظالم اور مظلوم کے معیار کو برقرار رکھا جائے۔ اس کی بنیاد پر کسی کی مخالفت ہو، یا کسی کی حمایت ہو، اسلام ہمیں یہ بتاتا ہے کہ مظلوم چاہے کافر بھی کیوں نہ ہو، مظلوم چاہے جو بھی ہو، اس کی حمایت ہونی چاہیئے، اس کی حمایت کرنی چاہیئے۔ کشمیر میں ایک طرف مظلوم ہے اور دوسری طرف مسلمان ہے تو ان کی حمایت کرنا ہمارا ہر لحاظ سے فرض بنتا ہے اور افغانستان میں جو ہم ان کی حمایت کیا کرتے تھے وہ بھی ان دو بنیادوں پر، بین الاقوامی اصول پامال ہوئے تھے۔ وہاں کے مظلوم عوام تھے اور وہاں مسلمان تھے تو مظلومیت کے حوالے سے بھی، مسلمان ہونے کے ناطے بھی، بین الاقوامی اصول کے ناطے بھی ہم اس کی حمایت کرتے تھے اور آج تک بھی ہم کرتے ہیں۔

جناب عالی! ایک طرف تو یہ اصول ہے کہ جب بھی کوئی اٹھتا ہے یہی بات کہتا ہے کہ کسی کو بھی کسی کے اندرونی معاملات میں دخل اندازی کا حق نہیں ہے۔ پھر یہ بھی کہتے ہیں کہ وہاں طالبان کیوں دوستوں کو شامل نہیں کرتے، کیوں مسعود کو شامل نہیں کرتے، کیوں فلاں کو شامل نہیں کرتے۔ بھئی اب افغانستان کا اپنا اندرونی معاملہ ہے۔ تمہیں کیا حق ہے، یہ حق تمہیں کس نے دیا ہے کہ آپ طالبان کو یہ مشورہ دے رہے ہیں کہ دوستوں کو بھی شامل کرو، مسعود کو بھی شامل کرو، مالک کو بھی شامل کرو۔

اگر اسی طرح نواز شریف کو کوئی مشورہ دے کہ بھئی اپوزیشن کے جو لیڈر ہیں ان کا مطالبہ ہے کہ یہاں قومی حکومت بنائی جائے تو آپ پھر ایسا کریں کہ اپوزیشن کی تمام جماعتوں کو حکومت میں شامل کریں۔ تو پھر ہم کسی کو یہ حق دیتے ہیں۔ یہ فوراً اس کے منہ پر تھپڑ ماریں

گے کہ تو کون ہے کہ ہمارے اپنے اندرونی معاملات میں مداخلت کر کے یہ ہمیں مشورے دیتے ہو کہ بھئی فلاں کو بھی شامل کرو۔ ایک ملک میں حکومت کی جو تشکیل دینا ہے وہ اس ملک کا اپنا اندرونی معاملہ ہے اس میں کسی کو بھی کوئی حق نہیں ہے کہ وہ انہیں بتائے کہ تم فلاں جماعت کو بھی اپنے ساتھ لو۔

جناب والا! عجیب بات ہے کہ افغانستان کی سر زمین پر جب ایک خلا سا پیدا ہو گیا، وہاں پر کوئی حکومت نہیں تھی ۔ وہاں پر یہ حالت تھی کہ ہر ایک ایک بل پر الگ الگ حکومت قائم تھی اور دنیا جہان کی بدامنی، لوٹ مار، عصمت دری گویا ہر قسم کی برائی وہاں پر ہو رہی تھی۔ اس وقت کوئی نہیں بولتا تھا کہ بھئی ہندوستان کے اندر یہ معاملات کیوں ہو رہے ہیں ۔

جناب والا! جب طالبان کی ایک تحریک اٹھی اور انہوں نے قربانیاں دے کر افغانوں کو متحد بھی کر لیا اور انہیں منظم بھی کیا، لیکن اب لوگ کیوں شور مچاتے ہیں کہ بھئی تم فلاں کو بھی شامل کرو۔ یہ میرے خیال میں ان کے اپنے اندرونی معاملات میں دخل اندازی ہے۔ جناب والا! ہم انہیں کہتے ہیں کہ بھئی افغانستان کے معاملے میں آپ اتنے پریشان ہیں اور ان کو ایسے مشورے دیتے ہیں کہ وسیع البنیاد حکومت ہو ۔ بھئی جو اس طرح کی قربانیوں سے حکومت آتی ہے وہ وسیع البنیاد حکومت نہیں ہوتی۔ آپ پوری دنیا میں ایسی کوئی مثال نہیں دے سکتے کہ ایک حکومت انقلاب کے ذریعے بنی ہو اور وہ وسیع البنیاد بھی ہو، ایسا ہو ہی نہیں سکتا۔

جناب والا! وہاں انقلاب کے ذریعے سے حکومت قائم ہوئی ہے ۔ یہ جو آج مشورے طالبان کو دے رہے ہیں، وہ اس وقت کیوں نہیں دے رہے تھے۔ نور محمد ترکئی کو، حفیظ اللہ امین کو، ببرک کامل کو، ڈاکٹر نجیب کو یہ مشورے کیوں نہیں دیا کرتے تھے کہ افغانستان کی عوام سو فیصد تمہارے خلاف ہے۔ ان کو آپ ان کی مرضی کے مطابق حکومت کی تشکیل کرنے دیں یا یہ حکومت استعفٰی دے دے۔

جناب والا ! یہ فلسفہ اور منطق میری سمجھ میں نہیں آ رہی ہے ۔ الجزائر کے لئے بھی یہی لوگ زیادہ شور کیوں نہیں مچاتے تھے۔ الجزائر میں کتنا بڑا ظلم ہوا۔ جناب والا! میں اپنے وزیر خارجہ سے درخواست کرتا ہوں کہ کم از کم ایک مسلمان ملک ہونے کے ناطے اور جو وہاں پر ظلم ہوا ہے، جناب یہ حقیقت ہے کہ وہاں اتنا بڑا ظلم ہو۔ کہ ۸۵ فی صد سیٹیں ایک دینی جماعت نے حاصل کیں اور حکومت کے زیر نگرانی انتخابات ہوئے ۔ جو ان کے مخالف حکومت تھی انہی کی نگرانی

میں ، یہ بالکل اپوزیشن میں تھے، ان کے پاس کوئی اقتدار یا اختیار نہیں تھا لیکن انہوں نے جب ۸۵ فی صد سیٹیں حاصل کر لیں۔ دنیا جہاں کے پاس کوئی دلیل اور جواز نہیں تھا ۔ امریکہ نے وہاں پر مٹھی بھر پٹھو فوجیوں کو مسلط کر کے اور ان کو Islamic Liberation Front کو غیر قانونی قرار دے دیا ۔ ان کو نا اہل قرار دے کر ان کے خلاف کارروائیاں ہو رہی ہیں۔ آج بھی اخبارات میں آپ پڑھتے ہیں کہ وہاں پر بستیوں کی بستیوں کو انہوں نے اڑا دیا۔ وہاں کے فوجی جب کسی بستی میں جاتے ہیں تو پوری بستی کو جلا کر راکھ کر دیتے ہیں۔ ان کے مرد، بوڑھے ، بچے ، جوان ، عورتیں سب کو ذبح کر کے چلے جاتے ہیں۔ تو دنیا میں کوئی ان کے لئے آواز نہیں اٹھاتا ۔ یہی امریکہ بدمعاش ہے ۔ جب ان کے سفارتخانے پر حملہ ہوتا ہے تو پھر دو ہزار میل دور سے ہم پر کروز مزائل داغتے ہیں مگر الجزائر میں جو ظلم اور بربریت جو چنگیزیت ، جو جبر و استبداد کا مظاہرہ ہو رہا ہے وہ امریکیوں کی سرپرستی میں ہو رہا ہے۔

جناب عالی فلسطین ہمارے سامنے ہے ۔ روز آپ ٹی وی پر وہ مناظر بھی دیکھتے ہیں کہ یہودی بستیوں کو کس طرح ظالمانہ طریقے سے وہاں پر مسلط کیا جا رہا ہے۔ یہ فلسطین کی آبادی کو منتشر کرنے کے لئے ایک سازش ہے اور ایک باقاعدہ پروگرام ہے۔ اس کے لئے یہ لوگ آواز کیوں نہیں اٹھاتے ہیں۔ صرف ایک طالبان ان کی نظر میں ہیں کہ جہاں بھی بات آ جاتی ہے تو فوراً طالبان کے پیچھے پڑ جاتے ہیں کہ یہ طالبان ہیں ۔

طالبان کچھ نہیں کریں گے۔ ان کے کوئی غلط عزائم نہیں ہیں۔ طالبان اپنے ملک کو صحیح کرنے کے لئے یہ سب کچھ کر رہے ہیں۔ یہ ایک تحریک جو اٹھی ہے وہ انشاء اللہ پاکستان کو کوئی نقصان نہیں پہنچائے گی۔ پاکستان اور طالبان کے درمیان ایک دوستی ہے۔ ان لوگوں کو اس لئے بھی کچھ تکلیف ہو رہی ہے۔ جناب عالی! کچھ لوگ جو افغانستان میں برسر اقتدار آئے ربانی کی شکل میں، جب انہوں نے کابل کو دبایا ۔ پاکستان کے خلاف سازشوں کا ایک مرکز اور ایک اڈہ بنا دیا تو وہ لوگ خوش تھے۔ وہاں بھارت کے ایجنٹ جاتے تھے، مشورے کیا کرتے تھے۔ وہاں منصوبے اور سازشیں بنائی جاتی تھیں۔ پاکستان کے خلاف تو وہ خوش تھے لیکن جب وہ اڈہ ختم ہوا ۔ اب کابل میں پاکستان کے خلاف کوئی سازش نہیں ہو گی۔ وہاں کوئی سازشی جا بھی نہیں سکتا کابل میں۔ as a Pakistani ہر ایک کا یہ فرض ہے کہ طالبان کی حمایت کرے اس وجہ سے کہ پاکستان کا ایک ہزار میل پر مشتمل بارڈر بالکل پر امن ہو گیا ہے۔ اب ہمیں اس طرف سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔

یہ پاکستان کے حق میں ہے۔ پاکستان نے اگر اس جہاد کی حمایت کی ہے تو ایک بارڈر کو محفوظ کر لیا اور ایک مورچہ کو استعمال کر کے اپنے آپ کو محفوظ کر لیا۔ یہ ہر پاکستانی کا فرض ہے کہ وہ طالبان کی حمایت کرے ۔ ورنہ آئیں ہمارے ساتھ دلائل پر بات کریں اس حوالے سے ۔ مصیبت یہ ہے کہ ہمارے ملک میں جو بھی سیاسی جماعت ہوتی ہے وہ ملک کی پالیسی کو بھی اپنے نظریات کے آئینے میں دیکھتی ہے۔ وہ اپنے نظریات کو چھوڑ کر پاکستان کے حوالے سے دیکھے کہ پاکستان کے مفادات سلامتی اور تحفظ کس پالیسی میں ہے۔ ہمارے تعلقات کس ملک کے ساتھ کس نوعیت کے ہونے چاہئیں۔

جناب عالی ! ہم بالکل پاکستان کی خارجہ پالیسی کے ہر نکتہ کی حمایت نہیں کرتے لیکن یہ بھی نہیں ہے کہ سو فی صد ناکام ہے اور یہ بھی نہیں ہے کہ سو فی صد کامیاب ہے۔ کچھ نشیب و فراز ضرور اس میں ہیں اور ہمارا شکوہ یہ تھا ، ہم جو کہا کرتے تھے ، وہ وقت نے ثابت کر دیا کہ امریکہ ہمارا دوست نہیں ہو سکتا ہے۔ امریکہ نے ہمارے ساتھ یہ دشمنی کی ہے ۔ جناب یہ تو ایک واضح حقیقت ہے کہ F16 طیاروں پر انہوں نے قبضہ جما رکھا ہے۔ بدمعاشی کر رہا ہے پیسے بھی نہیں دے رہے، طیارے بھی نہیں دے رہے تو کیا پاکستان کے ساتھ ایک دوست ملک اس طرح کر سکتا ہے۔ یقیناً نہیں کر سکتا۔ انہوں نے ۶۵ء میں بھی ہمیں دھوکہ دیا ۔ ۷۱ء کی جنگ میں بھی انہوں نے دھوکہ دیا۔ ایک دفعہ نہیں اب تو ہمارے ذمہ دار لوگوں نے بھی یہ محسوس کر لیا ہے۔ بلکہ وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ بھائی امریکہ نے ہمارے ساتھ کوئی وفاداری نہیں کی ہے۔ بلکہ ہم یہ کہتے ہیں کہ ہمیشہ غداری کی ہے۔ اب بھی امریکہ کا رجحان بھارت کی طرف ہے۔ ہم سے زیادہ وہ بھارت کو ترجیح دیتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تقریر ختم فرمائیے گا۔

حافظ فضل محمد: جناب چند منٹ اور ۔ جناب عالی اس میں کوئی شک نہیں کہ ذاتی طور پر حقیقت یہ ہے کہ میں شکوک وشبہات میں مبتلا ہوں کہ ابھی یہ جو CTBT کا معاملہ چل رہا ہے اس حوالے سے جو ہمارے صاحبان امریکہ جا رہے ہیں۔ بہت دوڑ لگا کے جا رہے ہیں۔ ہمیں امریکہ جانے کی کیا ضرورت ہے؟ اگر امریکہ کو یہ ضرورت ہے کہ اس فارمولے پہ تم دستخط کر دو، ایٹمی عدم پھیلاؤ پہ دستخط کر دو تو اس سلسلے میں وہ ہمارے پاس آئے۔ ہمیں کیا ضرورت ہے کہ

واشنگٹن کے دورے کرتے ہیں اور ان کے در پہ جاتے ہیں، چاپلوسی کر کے ان سے بھیک مانگتے ہیں۔ ہمیں کوئی ضرورت نہیں جانے کی اور ہمیں یہ خدشہ ہے کہ امریکہ اب پاکستان کو اس پہ مجبور کررہا ہے کہ سی ٹی بی ٹی پر دستخط کر دو۔ میں انتہائی وثوق سے کہتا ہوں کہ اگر پاکستان نے اس پر دستخط کر دیئے تو وہ دن پاکستان کی تباہی کا ہوگا اور پھر یوں سمجھنا کہ ہم آزاد ہوئے ہی نہیں تھے، یوں سمجھنا کہ ہم نے ایٹمی دھماکہ کیا ہی نہیں تھا۔ ہم اس پوزیشن میں جائیں گے جس پر ہمارے پاس کچھ نہیں تھا۔ جب وہ ہم سے دستخط کرائیں گے۔ یقین ہے کہ دنیا میں ابھی طاقت کا توازن برابر نہیں ہے۔ ہم امریکہ کو یہی کہیں کہ جب ہمارے تمام حوالوں سے، ایٹمی طاقت کے حوالے سے، دوسرے جنگی سازوسامان کے حوالے سے ہم آپ سے ایک انچ اوپر جائیں گے تو اس وقت ہم دستخط کریں گے۔ یہ کہاں کا فارمولا ہے کہ تمہارے پاس دنیا جہان کے جنگی سازوسامان موجود ہیں، تمہارے پاس جدید ٹیکنالوجی کی ہر چیز موجود ہے اور ہم نے ابھی بمشکل ایک مرحلہ طے کیا ہے۔ تم نے ہزار درجے طے کئے اور ہمیں نیچے والے درجے پر ہی رکھ کر، مجبور کر کے ہم سے دستخط کرانا چاہتے ہیں۔ یہ کہاں کا فلسفہ ہے؟ یہ اپنی بالا دستی کو ہم سے منوانے کے لئے دستخط کروانے کا فارمولا ہے۔

جناب عالی! پاکستان کے عوام مکمل طور پر اس کے خلاف ہیں۔ ہم اپنے ذمہ داروں سے بھی یہ کہتے ہیں کہ اس سے اجتناب کیا جائے ورنہ یہ پاکستان کا خدا نخواستہ ایک تاریک دن ہوگا۔ اللہ نہ کرے۔ ہم انکو ابھی سے کہتے ہیں کہ سی ٹی بی ٹی پر قطعاً دستخط نہ کریں۔ کچھ بڑے بڑے سیاستدان جو اپوزیشن لیڈر ہیں ان کے بھی اس قسم کے بیانات آتے ہیں کہ اس پہ دستخط ہونے چاہئیں۔ جناب عالی یہ فلسفہ ہمیں یا قوم کو سمجھائیں کہ اس میں یہ بھلائی ہے اور ہماری سلامتی کا یہ تحفظ ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مسٹر پرویز رشید صاحب۔

حافظ فضل محمد: میں آپ کا مشکور ہوں۔ بہرحال کچھ باتیں تو رہ ہی گئیں لیکن اہم باتیں میں نے کہہ دی ہیں۔ شکریہ۔

جناب پرویز رشید: جناب چیئرمین! مجھے دو شکریے آپ کے ادا کرنے ہیں۔ ایک تو آپ نے مجھے موقع دیا کہ میں آپ کی وساطت سے اپنے خیالات کا اظہار کروں۔ دوسرا شکریہ مجھے

یہ ادا کرنا ہے کہ آج صبح جب ایوان میں ہم آئے یہ سوچ کر کہ خارجہ پالیسی پر بحث کی جائے گی تو یہاں کا ماحول ایسا تھا کہ Voice of America اور آکاش وانی کی زبان بولنے والے اور واشنگٹن اور دہلی کی جانب سے پاکستان پر گولہ باری کرنے والے، کھیوڑہ کی گولیوں کا ذکر کر رہے تھے۔ آپ نے مہربانی کی دوبارہ ہاؤس کو اس کے اصل مقصد کی طرف لائے۔ اس پر بھی مجھے آپ کا شکریہ ادا کرنا ہے۔

جناب والا ! موجودہ خارجہ پالیسی جس پر بحث کے لیے ہمارے دوستوں کا اصرار تھا اور جس کے لئے آج کا وقت طے کیا گیا۔ یہ ایک خاص تناظر میں شروع کی گئی ہے کہ حالیہ واقعہ پیش ہوا۔ افغانستان خصوصاً ہمارا برادر ہمسایہ ملک جس کا نشانہ بنا اور جو کچھ حکومت پاکستان کا موقف تھا، اس پر گفتگو کرنے کا موقع ملا۔ یہ ضروری ہے کہ آج ہم جب گفتگو کریں تو یہ دیکھ لیں کہ تنقید کا آغاز کرنے والے اور ہمارے موقف میں کیا تضادات ہیں۔ آیا وہ خود جو دوسروں کے تضادات کا ذکر کرتے ہیں۔ اپنے طور پر اپنی جماعت کا کوئی یکساں موقف رکھتے ہیں اور مجھے یہ کہنے میں کوئی عار نہیں کہ جو موقف وہ پاکستانی عوام کے سامنے اختیار کرتے ہیں، جو موقف وہ اس ایوان میں اختیار کرتے ہیں، ان کی جماعت کی سربراہ اس سے اختلاف رکھتی ہیں۔وہ ان کے اس موقف سے متفق نہیں جو ان کی جماعت نے اس ایوان میں اختیار کیا ہے۔

جناب والا، اس کے لئے میں ۲۲ اگست ہفتے والے دن کے "ڈان" اخبار کی ایک cutting جس میں رائٹر کی خبر ہے ۔ یہ خبر پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن کی نہیں جس کا الزام میرے ذمہ لگا دیا جائے۔یہ خبر رائٹر کی ہے ۔بین الاقوامی نیوز ایجنسی کی ہے جس سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کی سربراہ نے کہا Ms. Bhutto said, the government should clearly explain that the United States has acted according to its rights under the United Nations charter. یعنی جو کچھ کیا گیا۔ جس پر یہاں پچھلے تین چار دن سے احتجاج بلند کیا جا رہا تھا۔جس کے لئے دوسروں کو ذمہ دار ٹھہرایا جا رہا تھا۔یہاں خود اس موقف کی حمایت کی گئی ۔جناب والا، دوسری جماعت جس کی جانب سے گفتگو کی گئی ۔ جب پاکستان نے چاغی میں ایٹمی دھماکہ کیا اور ہندوستان، جو کبھی بھی مسئلہ کشمیر کو تسلیم نہیں کرتا تھا، جس کے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ پاکستان کے ساتھ دھمکیوں کی زبان میں بات کرتے تھے۔وہ ہندوستان کشمیر کے مسئلے پر جب جھک کر گھٹنوں کے بل گرنے لگا تو ایک جماعت کے رہبر کہتے ہیں ۔ جب

کشمیر کا مسئلہ بین الاقوامی ہو گیا جس سے وہ ہمیشہ گریز کرتے تھے تو رہبر صاحب نے فرمایا کہ ہمیں کشمیر پر دو طرفہ مذاکرات ہندوستان سے کر لینے چاہئیں۔یعنی اسی مطالبے کو دہرایا جو مطالبہ واجپائی صاحب کا ہے ۔ اسی مطالبے کو دہرایا جو مطالبہ ایڈوانی صاحب کا تھا۔ تو جو لوگ ایڈوانی اور واجپائی کی زبان بولتے ہیں۔وہ ہماری حب الوطنی کے بارے میں ہم سے سوال کرتے ہیں۔ جناب والا!یہ دوطرفہ تماشا ہے ۔ان کے اس تضاد کو بیان کرنا میرا فرض تھا۔جناب والا! ہمارا موقف کیا ہے---

(مداخلت)

جناب پرویز رشید۔ جو ہندوستان سے تھیلیاں وصول کرتے ہیں۔جب آپ تھیلی وصول کرلیں گے تو آپ حق و سچ کی بات کہہ ہی نہیں سکتے۔جناب والا، مجھے عرض کرنا تھا کہ ہمارا موقف اس پر قومی مفادات کے مطابق تھا۔جب یہ اطلاع ملی اور جو صورت حال پیش ہوئی کہ پاکستان کے علاقے میں میزائل گرا ہے تو کیا اس کے بعد وزیر اعظم پاکستان کا یہ فرض نہیں تھا کہ وہ اس پر احتجاج بلند کرتے ۔ پاکستانی قوم کے جذبات سے آگاہ کرتے ۔ انہوں نے اپنے اسی فرض کو ادا کیا لیکن جناب والا جب یہ اطلاع ملی کہ یہ اطلاع درست نہیں تھی تو اس وقت ہمیں کیا کرنا چاہیئے تھا۔ایک ذمہ دار قوم کے سربراہ ہونے کے ناطے وزیر اعظم پاکستان پر کیا فرض عائد ہوتا تھا۔ کیا اس کے بعد وہ لڑائی کو جاری رکھتے ۔یقیناً یہی فرض عائد ہوتا تھا جو انہوں نے کیا۔ جناب والا اس لئے میں کہتا ہوں کہ ہم بلاوجہ گرجتے نہیں اس لئے کہ جو بلاوجہ گرجتے رہے، اس کا نقصان پاکستانی قوم بھگت چکی ہے ۔ ہم قومی مفادات کے سامنے دبتے بھی نہیں اور یہی ایک ذمہ دار شخص کا فرض ہوتا ہے کہ نہ وہ بلاوجہ گرجے اور نہ کسی طاقت کے سامنے دبے۔ہم اپنے اس موقف پر قائم رہے اور ہم نے اپنے فرض کو ادا کیا۔

جناب والا، پاکستان آج ایک ایسے نازک دور سے گزر رہا ہے جس میں پوری ----

(مداخلت)

جناب پرویز رشید ۔ جی آج کا دور انہوں نے create کیا ہے جنہوں نے اسلام آباد پر قبضہ کرنے کے لئے واشنگٹن کے رستے کو اختیار کیا۔

Mr. Presiding Officer: Order please, no cross talk, no cross

remarks. Yes, please.

جناب پرویز رشید - پاکستان کو آج کی صورتحال سے دوچار کیا انہوں نے ، جنہوں نے امریکی سفیر کے ذریعے پاکستان کی حکومت حاصل کرنے کی کوشش کی - آج کی صورتحال سے جناب والا ، انہوں نے دوچار کیا - کیا جناب والا ، اس کا کوئی مجھے جواب دے گا کہ کون شخص تھا جس کا نام پیپی مینوالہ تھا ؟ کیا کوئی پاکستانی اس کو جانتا ہے ؟ نہ ہم نے پہلے کبھی اس کا نام سنا، نہ آج ہم نے اس کا نام سنا ہے - نہ اس سے پہلے کبھی اس کو پاکستان میں دیکھا گیا نہ آج اسے پاکستان میں دیکھا گیا - وہ Ambassador At Large کس مقصد کے لئے بنایا گیا اور کس کی نمائندگی کرتا تھا؟ وہ کس کی نمائندگی کرتا تھا۔ کون تھا وہ؟

جناب والا! میرے ساتھیوں میں بہت بہت لائق لوگ موجود ہیں - ذہین اور متین ، اور بڑے ذمہ دار لوگ موجود ہیں - مجھے ان سے بہت سی توقعات ہیں - ان میں سے اگر کسی کو ذمہ داری سونپی جاتی تو یقیناً مجھے یقین ہے کہ یہ پاکستانی مفادات کا تحفظ کرتے لیکن ان کی سربراہ کو تو اپنی جماعت کے لوگوں پر بھی اعتماد نہیں - وہ تو اس کے لئے بھی ایسے اجنبیوں کو ڈھونڈ کر لاتی ہیں جن کے ماضی سے نہ کوئی واقف ہے اور نہ ان کے مستقبل سے واقف ہے - تو اس نے پاکستان کو آج کی صورتحال سے دوچار کیا ہے جو ہمیں درپیش ہے اور اسی صورتحال سے ملک کو نکالنے کے لئے ہم نے وہ اقدامات کئے جو آج تنقید کا نشانہ بن رہے ہیں اور تنقید کا نشانہ کس کس کی جانب سے بن رہے ہیں ؟ تنقید کا نشانہ ان کی طرف سے بن رہے ہیں جو لوٹی ہوئی دولت کو بچانا چاہتے ہیں - جیسے جیسے شکنجہ ان کے گرد تنگ ہوتا چلا جا رہا ہے ، جیسے جیسے شکنجہ ان کے گرد پاکستان میں ہی نہیں ، سوئٹزرلینڈ اور انگلینڈ میں تنگ ہوا ہے اور انگلینڈ اور سوئٹزرلینڈ میں جو شکنجے ہیں ہم نے نہیں کسے وہ آپ کے کرتوتوں کی وجہ سے آپ کے گرد کسے جا رہے ہیں، اب آپ چیخ و پکار کر رہے ہیں اور ان کی حمایت میں جو بیان میں نے پڑھا ہے۔ یہ اس لئے دیا گیا-------

(مداخلت)

جناب پرویز رشید - فارن پالیسی کے ساتھ یہ چیزیں جڑی ہوئی ہیں - یہ فارن پالیسی کا حصہ ہیں - جو ملک کی دولت لوٹ کر غیرملکی بنکوں میں رکھی ہے - یہ اس لئے اس سے جڑی

ہوئی ہیں۔

(مداخلت)

Mr . Presiding Officer: Order please . Please talk about foreign policy, you concentrate on that.

جناب پرویز رشید ۔ ٹھیک ہے جی ۔ جناب والا ، میں کہتا ہوں کہ جب آپ کے مفادات غیرملکی بنکوں میں رکھی دولت کے ساتھ جڑ جاتے ہیں تو پھر پاکستان کا مفاد نظر نہیں آ سکتا ۔ پھر آنکھوں پر پٹی بندھ جاتی ہے ۔ اس لئے کہ پھر دولت بچانا لازم ہو گیا ہے ۔ اس لئے جب ہم پاکستان کے مفاد میں بات کریں گے تو انہیں ہم بُرے لگیں گے ۔ اس لئے کہ انہیں یہ بات بری لگے گی کہ ہم پاکستان کے مفاد میں بات کرتے ہیں ۔ ہماری پاکستان مسلم لیگ کے قائد میں یہ جرات ہے کہ وہ پانچ دفعہ انکار کرے اور چھ دھماکے کرے لیکن ان کی طرح نہیں کہ پانچ دفعہ کسی کے چل کے پاؤں پکڑے جائیں اور ہیلری کلنٹن کے ساتھ جاکر ملاقات کی جائے ۔ یہ فارن پالیسی کا مسئلہ ہے جناب والا ، جب آپ غیرملکی وزیر اعظم کی بیوی سے جاکر ملتی ہیں تو اس ملاقات کا کیا ایجنڈا تھا ، آج یہ مجھے بتائیں ؛ کیا اس ملاقات کا یہ ایجنڈانہیں تھا کہ امریکہ آنے والے دنوں میں جو اقدامات کرے گا پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن اس کی مکمل حمایت کریں گی تاکہ انہیں دوبارہ اقتدار میں لایا جائے اور تاکہ ان کی لوٹی ہوئی دولت کو واپس ان کے پاس لایا جائے۔ کیا یہ ایجنڈا نہیں تھا ؛ یہی ایجنڈا تھا جب یہ ہیلری کلنٹن سے ملنے کے لئے گئیں ۔ اور جناب والا ، اسی ایجنڈے کی تکمیل کے لئے انہوں نے امریکہ کی حمایت میں یہ بیان دیا ہے۔ اسی لئے میں یہ کہتا ہوں کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی، پاکستان کی حکومت کے اقدامات، پاکستان کی خود مختاری، پاکستان کی آزادی اور پاکستان کی سلامتی کے ساتھ عین مطابقت رکھتے ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ اور اس کی حلیف جماعتوں کی حکومت کا یہ عہد ہے کہ ہم اپنی اس پالیسی کو جاری رکھیں گے خواہ اس کے لئے جتنی بھی قربانی دینی پڑے ہم اس قربانی کو دیں گے اور انشاء اللہ تعالیٰ پاکستان اپنے مفادات کاتحفظ کر کے دم لے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ مسٹر حبیب جالب۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب چیئرمین ! میں سب سے پہلے اسٹیٹ سپانسرڈ

پریس کے علاوہ آزاد پریس کی توجہ اس جانب مبذول کراؤں گا کہ وہ سینٹ کو واقعی ایوان بالا خیال کرتے ہوئے اس کی پوری اور مکمل کارروائی کو اپنے اخبارات کی زینت بنائے گی ۔ آج یہ موشن جو پاکستان کی فارن پالیسی سے متعلق move ہوا ہے اور اس ایوان کو اس قابل بنایا گیا ہے کہ وہ فارن پالیسی کا سائنسی طریقے سے جائزہ لے، اس کے تمام پہلوؤں کو جانچے اور پرکھے اور یہ دیکھے کہ وہ کون سی پالیسیاں تھیں جن کی وجہ سے پاکستان انٹرنیشنل ڈپلومیسی میں دھیرے دھیرے isolation کی طرف بڑھتا گیا اور یہ دیکھا جائے کہ مختلف ایام میں گورنمنٹس کی وہ کون سی پالیسیاں تھیں جن کی وجہ سے پاکستان یکطرفہ محتاجگی عالمی قوتوں پر آئی ایم ایف پر اور ورلڈ بینک پر one sided dependency کی طرف بڑھتے ہوئے اس حد تک پہنچ گیا کہ وہ وقت قریب آ پہنچا ہے کہ پاکستان کو معاشی لحاظ سے bankrupt country declare کیا جا رہا ہے۔ آج personal attacks کا وقت نہیں ہے۔ آج کسی کے بینک بیلنس کو جانچنے اور پرکھنے کا وقت نہیں ہے، آج یہ دیکھنے کا وقت ہے کہ وہ کون سی پالیسیاں ہیں جن کی وجہ سے آج ہم تن تنہا انٹرنیشنلی isolate ہو کر رہ گئے ہیں بلکہ ہمسایہ ممالک میں بھی ہم نے اپنی دشمنیاں بڑھائی ہیں۔ آج اس چیز کا جائزہ لینے کا وقت ہے۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ کسی ملک کی فارن پالیسی کو ترتیب دینے میں اس ملک کی مستحکم اقتصادی بنیاد، مضبوط جمہوری ادارے، غیر متزلزل حکومت، اندرونی سیاسی استحکام اور مجموعی قومی مفادات اہم رول رکھتے ہیں اور یہی وہ بنیاد ہوتی ہے جو کوئی بھی ملک اپنی خارجہ پالیسی کو ترتیب دیتے ہوئے مد نظر رکھتا ہے لیکن کیا کیا تاریخی لحاظ سے۔ شروع ہی سے پاکستان بننے کے بعد چاہئیے یہ تھا کہ ہم دنیا کے تمام ممالک کے ساتھ اپنے گہرے دوستانہ روابط رکھتے اور کیفیتی لحاظ سے نئے تعلقات کی طرف بڑھتے اور Non Aligned Movement کے ان تمام اصولوں کو اپناتے ہوئے نیو انٹرنیشنل اکنامک آرڈر اور نیو انٹرنیشنل انفارمیشن آرڈر کے لئے کام کرتے اور وہ سامراجی نظریاتی یلغار، کلچر کی یلغار اور استحصالی کیپیٹل کی یلغار کی وجہ سے جو ہمارا استحصال جس پیمانے پر ہو سکتا تھا اس کی روک تھام کر سکتے۔ لیکن ہم نے کیا کیا، ہم سیٹو ،سینٹو بغداد پیکٹ سے امریکہ کی سوویت containment پالیسی کا آلۂ کار بنے۔ کیونکہ کارٹر سے لے کر بل کلنٹن تک امریکنز کی doctrine یہ رہی تھی۔ وہ لوگ جو آج سابق سوویت یونین کو کوستے ہیں وہ دراصل اس وقت امریکہ پر تنقید کو چھپانا چاہتے ہیں کیونکہ آج کے وقت میں امریکہ کا رول کیا ہے۔ کل امریکہ نے

کیا گیا ۔ امریکہ کی جو سوویت containment پالیسی تھی اس کے ہاتھوں ہم کھلونا بن کر ہم نے فرنٹ لائن اسٹیٹ کا رول ادا کیا ہے۔یہی وجہ ہے کہ ہم اقتصادی طور پر دھیرے دھیرے یک طرفہ محتاجی کی طرف بڑھتے گئے ۔ Glenn Symington Amendment جو امریکہ کی طرف سے تھی، ریگن یہ بھول کر Soviet containment کی پالیسی کے تحت پاکستان کو 5.4 بلین ڈالر کا بھاری فوجی سامان فراہم کرتا رہا اور جو اس امداد کے علاوہ تھا جو یورپین اور عرب ممالک پاکستان کو فراہم کرتے رہے اور سرد جنگ کے خاتمے اور سوویت فورسز کی واپسی کے بعد پریسلر اور Arkin Warner Amendment کے تحت پاکستان کی امداد بند اس لئے نہیں کی کہ صرف ایٹمی ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ اور ٹیکنالوجی کی ترسیل کو روکنا مقصود تھا بلکہ اس کے لئے سرزمین کو اور بھی اس کی ضرورت پیش آ رہی تھی کیونکہ سائنس اور ٹیکنالوجی کے جو انقلابات آئے تو new globalization کی ضرورت پیش آئی اور فری مارکیٹ کی اصطلاحیں استعمال کی گئیں ۔ اس وقت ضرورت اس بات کی تھی کہ ہم ہمسایہ ممالک سے دشمنی کی بجائے دوستی پیدا کرتے اور ہم وہ تمام تنازعات جو علاقائی تنازعات تھے ان کا حل سوچتے کیونکہ دنیا Soviet انہدام کے بعد multipolar بن گئی تھی ۔ اس میں مختلف نظریات و افکار تھے۔ سب کا احترام ضروری تھا اور اس civilization کو بچانے کے لئے اور اس civilization کو ترقی دینے کے لئے انسانی اخلاق کا تبادلہ بہت ضروری تھا کیونکہ تمام ریاستوں کا ایک دوسرے پر ان کے دست نگر ہونے کی پالیسی بڑھ گئی تھی اور آج اس کی زیادہ ضرورت پیش آ رہی تھی۔

ہندوستان گو کہ لوکل سنٹر آف پاور کے خواب شروع سے دیکھتا آ رہا ہے اور اس نے اپنی پہلی کوشش یہ کی کہ انٹرنیشنلی اپنے national structure کو بڑا مضبوط بنایا۔ جب کہ ہم نے اپنا national structure مضبوط بنانے کی بجائے ہمیشہ پبلک سیکٹر کو کوستے رہے اور کہا کہ یہ ناکام سیکٹر ہے ۔ ہم نے مکمل پرائیویٹائزیشن کی پالیسی دی اور میں انٹرنیشنل ڈپلومیسی میں یہ سمجھتا ہوں کہ مکمل پرائیویٹائزیشن، اجارہ داری کو بڑھاتی ہے اور national structure کو کمزور کرتی ہے۔جہاں national structure کمزور ہوتے ہیں وہاں آپ کی فارن پالیسی بھی آگے چل کر کمزور ہو جاتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہندوستان لوکل سنٹر آف پاور کی طرف objectively چلا گیا ہے۔ ہم نے اپنے آپ کو صرف اس حد تک محدود رکھا کہ جناب والا! اسلام کا قلعہ ہے ۔ مملکت خداداد پاکستان ہے۔ ہم نے اپنے آپ کو صرف اس حد تک رکھا ۔ ہم نے اس کی اقتصادی

ضرورتوں کو ، ہم نے اس کی سیاسی ضرورتوں کو، ہم نے اس کی انٹرنیشنل ضرورتوں کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب ہندو chauvinist واجپائی برسراقتدار آیا ، میں اس کو کٹر ہندو chauvinist اور nationalist کہتا ہوں ، جس کی بڑی یہ کوشش تھی کہ وہ پاکستان کا کسی نہ کسی طرح سے اقتصادی طور پر دیوالیہ نکالے اور وہ اس صورت میں ہو سکتا تھا جب یہاں ایک نئی سرد جنگ کی ابتداء کی جاتی ۔ ایٹمی دھماکہ کر کے اس نے یہ کام کیا ۔ ہمارے فرائض میں کیا تھا ۔ ہمارے فرائض میں سب سے پہلے یہ شامل تھا کہ ہم فوری طور پر Indian provocation کا جواب best international diplomacy میں دیں ۔ ہمیں پہلی بار موقع ملا تھا کیونکہ اس سے پہلے یہ الزامات تھے کہ SEATO, CENTO میں ہمیشہ کسی کا ایجنٹ بن کر ہم نے کام کیا ۔ پہلی مرتبہ ہمیں موقع ملا تھا کہ ہم انٹرنیشنلی یہ سازش کرتے کہ ہم انسانیت کے بھی علمبردار ہیں ، ہم تہذیب کی بقاء بھی چاہتے ہیں اور ہم انٹرنیشنل طور پر ہندوستان کو isolate کرتے لیکن ہم نے international diplomacy میں وہ کارنامہ سرانجام نہیں دیا ۔ ہم صرف اس میں رہے کہ کس طرح سے لوگوں کے جذبات کو ، ہماری سیاست نے اور فارن پالیسی نے follow کیا کیونکہ ایٹمی پالیسی دراصل major foreign policy کا حصہ ہوتی ہے ۔ بہر حال ایٹمی دھماکہ ہم نے بھی کر لیا ۔ اس کے بعد ہمارے فرائض کیا تھے ۔ ہم نے خود انحصاری کا اعلان تو کر لیا لیکن ہم نے جو economic sanctions تھیں یا مزید اخلاقی دوڑ تھی یا جو اسلحہ کی مزید دوڑ تھی ان تمام چیزوں کو اس ملک میں ایک mentality develop کرنے کی کوشش کی۔ ہم نے جو انڈیا دشمنی کا stand لے رکھا ہے اس کا repercussion یہ ہے کہ انڈیا مزید دھماکے کرتا رہے گا اور مزید اسلحہ کی دوڑ کی طرف لگا رہے گا۔ ہم بھی مزید اسلحہ کی دوڑ کی طرف لگے رہیں گے۔ جس طرح سے سویت یونین دنیامیں ایک سپرپاور تھا اس کی سب سے بڑی خامی یہ نکلی کہ وہ اسلحہ کی دوڑ میں اتنا آگے بڑھا کہ وہ اپنی پوری اکانومی کو militarization کی طرف لے گیا۔ دنیا میں جہاں کہیں ایسے ممالک تھے ان کی مدد اور امداد بھرپور انداز میں کرتا گیا۔ اس کا نتیجہ کیا ہوا کہ وہ ملک خود اپنے وزن سے نیچے گرا۔ اس کی international diplomacy اب آپ جس طرح اسے سمجھیں لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ strategical balance کی جو یہاں تشریح کی جا رہی ہے اس کا بھی ہمیں ذرا جائزہ لینا ہوگا۔ strategical balance or policy of deterrence کے بارے میں، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جاپان جس پر ایٹمی ہتھیار استعمال کیا گیا لیکن جاپان اب تک ایٹمی ہتھیار نہ رکھنے

کے باوجود دنیا میں economic production کا سب سے مضبوط ترین ملک ہے اور three centre of power میں شامل ہو گیا ہے ۔ جس پر ایٹم بم استعمال ہوا اس کے پاس ابھی تک کوئی ایٹم بم نہیں ہے لیکن اس کا دنیا کے طاقتور ترین ملکوں میں شمار ہوتا ہے۔ نمبر دو روس جو امریکہ کے مقابلے میں سب سے زیادہ ایٹمی ہتھیار رکھتا تھا وہ ملک آج اس شکل میں موجود نہیں رہا جس کے پاس اتنا بڑا ایٹمی اسلحہ تھا۔ کل بھی ٹی وی پر دکھا رہے تھے کہ وہ ایٹمی carriers کو move کر رہے ہیں لیکن وہ اقتصاد کو ٹھیک نہیں کر سکے۔ نمبر تین اگر ہم strategic balance انڈیا کے مقابلے میں رکھیں ، بالفرض اس کے 12 ایٹم بم ہیں ، ہمارے پاس 13 ہوں گے ، یہاں ہم علاقے میں balance strategic قائم کرتے ہیں تو امریکہ کے مقابلے میں ہمارا strategic balance پھر کہاں ہو گا۔ جس میں اب کروز میزائل ، Tomahawk type کے میزائل داغ ڈالے اور ہماری فضائی حدود کی نہ صرف خلاف ورزی کی بلکہ خود ہماری جو state sovereignty اور territorial integrity کو undermine کیا گیا اور اس کا جیتا جاگتا ثبوت خاران کا شنگر ہے جہاں US کے 93 کروز میزائل موجود ہے۔ تو آیا ان بڑی طاقتوں کے مقابلے میں ہمارا unexploded کا model strategic balance کیا ہوگا ؟ چوتھی بات ہم یہ سوچتے ہیں کہ ہم Nuclear Club کے ممبر بنیں گے۔ یہ جو بڑے ممالک ہیں یہ کبھی Nuclear Club کے ممبر بننے نہیں دیں گے اور ان کی بھرپور کوشش ہو گی کہ ایک طرف چونکہ وہ نہیں چاہتے کہ یہ extend ہو اور دوسری طرف جو انسانیت اور انسانی حقوق کا بڑا پرچار کرتے ہیں ، ان کی یہ بھرپور کوشش رہے گی کہ وہ اپنی اس پالیسی کو camouflage کی شکل میں دینے کے لئے ایسی حرکتیں کرے۔

کشمیر کا issue ۔ میں آج بچے تلے الفاظ میں یہ کہنا چاہتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ ہمارے جو theorist ہیں یا پاکستان کی foreign policy کے حوالے سے بڑے ideologists ہیں وہ ذرا غور کریں ۔ پہلی بات یہ ہے کہ شروع سے اب تک جو ہم نے کشمیر کے مسئلے کو اٹھایا ، وہ speculation ہے ۔ The problem of Kashmir is just speculation and manipulation اگر یہ نہیں ہے تو UNO کے چارٹر کے مطابق کشمیر کے حق خود ارادیت کا نعرہ آزادی کا ہونا چاہیئے نہ کہ یہ نعرہ ہونا چاہیئے کہ کشمیر بنے گا پاکستان۔ جب آپ کہتے ہیں کشمیر بنے گا پاکستان

this means you want provincial automony for Kashmir from one hand liberation from another provincial autonomy. کیونکہ جب آپ اس کشمیر کو آزادی دیں گے جو آپ

کے پاس آزاد کشمیر کے نام سے موجود ہے ۔ اگر آپ اس کو full fledge آزادی کا نعرہ دیں گے ، یہی کشمیر UNO میں بھی demand کرے اور آپ اس کی ہر طرح سے backing کر سکتے ہیں لیکن اگر آپ آج اس کشمیر کے لئے جو حق خود ارادیت کو just speculation '--- جیسے ہر حکومت یہاں آتی ہے اور جناب کشمیر کے مسئلے کو اٹھاتی ہے ۔ اگر گھر میں کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا تو کہاجاتا ہے کہ آپ نے اس کو کشمیر کا مسئلہ بنا دیا ہے۔ تو یہ ایک speculation ہے۔ اگر واقعی کشمیر کی خود ارادیت کے قائل ہیں تو اس کے لئے strategy یہ ہونی چاہیئے کہ آزاد کشمیر کو آزاد کر دو تاکہ وہ UNO کا ممبر بن کر کشمیر کے cause کو fight کرے for the unification of Kashmir ۔ یہ ہے حق خود ارادیت کا main مافیا کیونکہ یہ good slogan and bad hands والی بات ہے۔ جرمنی نے بھی ایک دفعہ اپنے پہاڑی علاقے میں جو یوگوسلاویہ کے قریب ہیں raise کیا تھا جبکہ وہ دوسری جنگ عظیم میں دنیا کی تمام آزادی کو سلب کرنا چاہتا تھا۔ تو یہ good slogan and bad hands نہیں ہونا چاہیئے ' speculation نہیں ہونی چاہیئے۔

اسی طرح افغانستان میں ۱۹۷۴ء میں جمہوری تبدیلی آئی' Anti Shah تبدیلی۔ ۱۹۷۸ء میں ایک بنیادی تبدیلی ملی۔ اس کو بھی جناب سبوتاژ کرنے کے لئے ہم بڑے پریشان رہے۔ بجائے اس کے کہ اس سے دوستانہ تعلقات رکھتے ، ہم نے اسے سبوتاژ کرنے میں امریکہ کی مدد کی کیونکہ امریکہ نے ایک وقت اسلام کو بطور millitant, بطور dynamic factor اپنے مفادات کے لئے استعمال کیا آج وہ اسلام کے اس millitant اور dynamic factor کو بنیاد پرستی کا نام دے کر آپ کے خلاف استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ اس لئے ہمارے مولانا حضرات ناراض نہ ہوں۔ انہوں نے سوویت یونین پر تنقید کر کے امریکہ کو بچا لیا ہے۔ آپ نے دیکھا کہ انہوں نے نہ صرف امریکہ کو بچالیا بلکہ اس کو خوش بھی کر لیا۔ چاہیئے یہ تھا کہ کل جو امریکہ کے ہاتھوں کھلونا بن کر وہاں پر جنگ لڑ رہے تھے اور آج جب سوویت فوجوں کے جانے کے بعد ' ڈاکٹر نجیب کے گورنمنٹ چھوڑ دینے کے بعد وہاں کوئی کافر نہیں رہا ' وہاں تو ایک طرف مجددی اور ربانی وغیرہ تھے ' دونوں گروپس مسلمان ہیں ، صرف فرق یہ ہے کہ کوئی پہلے گروپ میں شامل تھا اور کوئی اب نئے گروپ میں شامل ہے اور سبقت حاصل کرنا شروع کر دی۔ یعنی liberal and extremist گروہوں کے درمیان آج جنگ ہے ' نارتھ اور طالبان کا نام دیا گیا ہے ' اب تو مسلمانوں کے درمیان جنگ ہو رہی ہے۔ اب کس لئے افغانستان میں خون بہایا جا رہا ہے اور کیا ہم نے افغانستان سے متعلق اپنی

پالیسی کا جائزہ لیا ہے۔ میں مانتا ہوں کہ پہلی مرتبہ پاکستان نے کچھ realization دکھائی ہے جو فارن منسٹر کی statement میں صاف ظاہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب امریکہ نے سوویت condemned پالیسی کی وجہ سے وہاں جو فصل بوئی تھی آج اسے کاٹنا پڑ رہا ہے۔ جو تخریبی اور دہشت گرد اڈے وہاں پر قائم کئے تھے اس کی سزا آج وہ بھگت رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج وہ کروز میزائل اپنے ہی اڈوں پر گرا رہے ہیں۔ کسی نے کہا کہ امریکہ کو کیا پتہ ہے کہ وہ اڈے کیسے ہیں اور تہہ خانے کہاں ہیں۔ کسی نے کہا کہ جناب انہوں نے تو خود ہی بنائے ہیں۔ انہوں نے خود تربیت دی ہے۔ انہیں کیوں پتہ نہیں ہے کہ لادن کہاں رہتا ہے۔

اس کے علاوہ آج سنٹرل ایشین ریاستوں کے قائم ہونے کے بعد میں آپ کو ایک نئی انٹرنیشنل ڈپلومیسی بتانا چاہتا ہوں جو بہت اہم ہے۔ میرا خیال ہے مشاہد حسین صاحب بھی اس کو سنیں گے۔ شاید انفارمیشن میں کسی کو پتہ ہو۔ جب سنٹرل ایشین ریاستیں معرض وجود میں آئیں تو ضرورت اس بات کی تھی کہ ہم ECO کو extend کر دیتے۔ ہم نے ECO کو extend کرنا شروع کر دیا لیکن اس کی extension کی ضروریات کیا تھیں؛ یہ کہ افغانستان میں امن قائم کیا جاتا۔ ہم نے افغانستان میں امن قائم کرنے کی بجائے فوری طور پر ناپختہ گورنمنٹ جو بن رہی تھی اس کو تسلیم کر لیا ۔ جناب جب آپ نے اس کو تسلیم کر لیا تو ازبکستان، تاجکستان، ترکمانستان اور آذربائی جان تو آپ کے خلاف کھڑے ہوگئے ۔ انہیں پتہ ہے، وہ بنیاد پرستی کو اپنے بارڈر کی حد تک نہیں رکھنا چاہتے ہیں۔ افغانستان کو شروع سے ہی اس خطے میں بفر زون کے طور پر سمجھا جانے لگا تھا اور جب اس کی حیثیت بفر زون کی نہیں رہے گی تو یہ جھگڑے اور تنازعات اور یہ tension اس خطے میں قائم رہیں گے۔ Afghanistan must be a buffer zone in this region. اگر آپ اب بھی اسے بفر زون نہیں سمجھیں گے، اب بھی ہم یہ سوچ رہے ہیں کہ ہم اسے پانچواں صوبہ بنائیں گے تو میں آپ کو بتا دوں کہ یہ جو fire back کرے گا، سرتاج عزیز صاحب جانتے ہیں کہ fire back پہلے سرحد میں ہوگا، بلوچستان پر بھی اس کا کچھ اثر ہوگا، fire back ہوگا اور بہت خطرناک ہوگا اور یہ شیعہ سنی فسادات کی شکل میں ہو رہا ہے۔

یہ factionalism وغیرہ اور یہ امن وامان کی جو صورت ہو رہی ہے، امریکہ کے جو یہ حملے ہوئے ہیں، اس سلسلے میں پہلی بات جو میں کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ بیان آپ کبھی نہ دیں کہ جناب ہمیں علم نہیں تھا یا ہمیں انہیں باخبر رکھنا چاہئے تھا یا ہماری بحریہ نے ہمیں بتایا

تھا، ہم نے کان بند کرلئے ہیں۔ اس سلسلے میں ہم بیس پچیس سال پرانے politicians کو دھوکہ نہیں دیا جا سکتا۔ پاکستان کو اچھی طرح سے علم تھا کہ امریکی یہاں پر attack کرنے والے ہیں، سو فیصد علم تھا بلکہ یہ جو آپ نے statement جاری کی ہے کہ ہم terrorism کے خلاف ہیں، اس sponsored terrorism کے خلاف ہیں، آپ کو اس کا علم تھا۔ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ آپ کو علم نہیں تھا۔ دوسری بات جو کہ فضائی حدود کی ہم بات کرتے ہیں کہ خلاف ورزی ہوئی ہے، لیکن ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ ہماری sovereignty کو بھی دھچکا لگا ہے، یہ بات بھی اب خاران کے واقعہ کے بعد نہیں کر سکتے۔ تیسری بات ہوائی حملوں کو روکنے کے متعلق میں کہنا چاہتا ہوں کہ---

Mr. Presiding Officer: Please try to conclude now.

جناب حبیب جالب بلوچ: جناب والا! میں conculde کر رہا ہوں، ہم کہتے ہیں کہ دہشت گردی کے خلاف ہیں، اڈوں کے خلاف ہیں۔ اگر پاکستان کے اندر یہ اڈے قائم رہیں گے سرتاج عزیز صاحب تو کیا کسی اور کروز میزائل کو یہاں پہنچنے سے روکا جا سکتا ہے؟ یہ نعرہ جو مذہبی گروہوں کے جلسے جلوسوں میں لگا رہے ہیں کہ ایٹم بم پھینک دو۔ جناب والا! آپ ایک ایٹم بم پھینک دیں گے، ان کے بہت بڑے regions ہیں، علاقے ہیں۔ وہ اگر آٹھ دس ایٹم بم پھینک دیں تو پھر یہ اسلام کا قلعہ باقی رہے گا، جس کو آپ نے اسلام کا قلعہ قرار دیا ہے۔ یہ دوسرے ممالک کیا ہیں، کیا یہ سعودی عرب اسلام کا قلعہ نہیں ہے، جس میں مکہ اور مدینہ موجود ہیں کیا صرف ہم اسلام کا قلعہ ہیں۔ یہ نظریہ جو آپ اپنے ملک کے اندر پھیلا رہے ہیں، یہ آپ کے لئے انتہائی خطرناک نظریات ہیں۔ میں آپ کو ابھی سے کہتا ہوں۔ یہ ایٹم بم پھینکنے والی بات بالکل بھی نہ کی جائے کیونکہ ایٹم بم بہت خطرناک چیز ہے۔ ان لوگوں کو سمجھایا جائے کہ ایٹم بم کیا چیز ہے اور اس سے کتنی تباہ کاریاں ہوتی ہیں۔ کتنی نسلیں تباہ ہوتی ہیں۔ اس کو اپنی ڈپلومیسی کا حصہ نہ بنایا جائے۔ اس لئے تجویز یہ ہے کہ CTBT پر ان شرائط کے ساتھ دستخط کئے جائیں۔

(اس موقع پر اذان ظہر کی آواز سنائی دی)

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب والا! اذان کے پندرہ منٹ کے بعد نماز ہوتی ہے، اس لئے نماز کا وقفہ کیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بس پندرہ منٹ تک اس کو adjourn کرتے ہیں۔

جناب حبیب جالب بلوچ: جناب والا! میں عرض کر رہا تھا کہ CTBT پر سائن کرتے وقت یہ کیوں ضروری ہے کہ آپ کے پاس ایٹم بم ہے ۔ اس سے اب کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ آپ کے ذہن میں جو balance تھا وہ بھی قائم ہے لیکن عالمی اقتصادی صورتحال اور اپنی اندرونی اقتصادی صورتحال سے بچنے کے لئے اور انسانیت کے لئے ضروری ہے کہ آپ CTBT پر سائن کریں لیکن اس move کے ساتھ کہ آپ UNO اور تمام اداروں کے اندر ایٹمی کلب کے جو مالک ہیں، جو ایٹمی ہتھیار رکھتے ہیں، ان کی بھی مکمل inhalation کی پالیسی کو بنیاد بناتے ہوئے internationally work کریں ۔ اگر انڈیا CTBT پر سائن نہیں کرے گا تو وہ isolate ہو کر رہ جائے گا۔ اس کے علاوہ South East Asia میں SAARC کے جو potentials ہیں، ان کو دوبارہ دیکھا جائے، جانچا جائے اور ان کو reorganize کیا جائے۔ ایران کے ساتھ اپنے تعلقات بہتر کئے جائیں اور اس پالیسی کو ترک کیا جائے۔ اب میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Syed Mushahid Hussain.

Mr. Mushahid Hussain: Thank you Mr. Chairman. I would just like to give a brief formulation on behalf of the government regarding some of the issues which have been raised in the statements from our friends in the opposition. First of all regarding this question of Pakistan's security and what has been termed as weakness of Pakistan.

انہوں نے بات کی ہے کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کی وجہ سے پاکستان کی پوزیشن کمزور ہوئی ہے اور پاکستان کی پوزیشن پہلے کے حوالے سے isolate ہوئی ہے۔ میرے خیال میں بنیادی ایشو یہ بتایا جائے کہ ڈیڑھ سال میں، جب سے وزیراعظم نواز شریف کی حکومت آئی ہے ، جس دلیرانہ طریقے سے انہوں نے سٹینڈ لیا ہے مختلف ایشوز کے اوپر، بالخصوص " غوری " کا مسئلہ ہو، نیو کلیئر

ٹیسٹ کا مسئلہ ہو یا ابھی اس مسئلے کی بات ہو، پاکستان کی پوزیشن کو اور مضبوط اور مستحکم کیا ہے۔ اس کی تین مختلف طرح سے عکاسی ہوتی ہے۔

پاکستان کی سکیورٹی کا مسئلہ پاکستان کے قائم ہونے سے چل رہا تھا۔ لیاقت علی خان کی وفات کے بعد خصوصاً یہ سوچا گیا کہ سکیورٹی امریکہ کے ذریعے ہو یا کوئی اور طریقہ کار اختیار کیا جائے۔ نیوکلیئر ٹیسٹ میں پاکستان کی طرف سے جو concrete جواب دیا گیا اور بڑا timely جواب دیا گیا، یہ سکیورٹی کا ایشو حتمی طور پر once and for all settle کر دیا گیا۔

دوسرا ایشو تھا ہمارا status viz-a-viz انڈیا، پہلی دفعہ پاکستان کو ایک برابری کا، ایک مساوی مقام ملا ہے ہندوستان کے ساتھ۔ جب بھی کوئی بات کرتا ہے چاہے وہ کلنٹن ہو، البرائٹ ہو، کوفی عنان ہو، India and Pakistan must do this, India and Pakistan must do that یہ ایک نیا مقام settle کر دیا گیا۔

پہلا ایشو تھا ہماری سکیورٹی کا کہ کبھی ہم کہیں بھاگتے تھے، کبھی کہیں اور، now that security is promoted, protected and projected through a made in Pakistan capability, the nuclear capablity دوسرا انڈیا پاکستان کی equality کا status جو ہندوستان کے observer بھی مانتے ہیں۔ تیسرا بہت important issue جو ہمارے دوست شاید بھول گئے، that is international projection of the Kashmir issue پہلی دفعہ کشمیر ایشو کو اس طرح سے بین الاقوامی طور پر اجاگر کیا گیا ہے جو پاکستان کی تاریخ میں کبھی بھی نہیں ہوا۔ اس میں اس حکومت کا بہت بڑا contribution ہے ۔ ابھی حال ہی میں ہم نے سیمینار بھی کیا، آٹھ گھنٹے ٹیلیویژن پروگرامز بھی ہوئے، اس کے علاوہ ہر مسئلے پر بات ہوتی ہے، چاہے وہ G-8 ہو، E-5 ہو، OIC ہو، ECO ہو، وہ کہتے ہیں کہ جو پاکستان کا دیرینہ موقف تھا کہ اس علاقے میں، جنوبی ایشیاء میں جو امن اور سلامتی کا مسئلہ ہے اس کا ایک گہرا تعلق ہے with Kashmir that there is an inextricable issue linkage between the issue of Kashmir and the larger issue of the peace, security and stability in South Asia تو یہ ایک بہت concrete, substantive achievement ہے۔

اب دو تین ایشوز جن پر آج بات کی گئی میں ان کی طرف آنا چاہتا ہوں۔ ایک تو انہوں نے بات کی so called isolation کی ، دوسری میں سمجھتا ہوں کہ موقف کلیئر نہیں تھا، تیسرا

میں سمجھتا ہوں جو یہ attack ہوا ہے امریکہ کا، اس میں ایشوز کیا کیا ہیں؟ I think let us be very clear on that جہاں تک isolation کا تعلق ہے جناب چیئرمین میرے خیال میں سب سے poor track record اور بڑی مشکل کے ساتھ میرے خیال میں فارن آفس نے، اس سے پہلے گوہر صاحب نے اور اب سرتاج صاحب بھی بڑی محنت اور مشقت کے ساتھ کام کر رہے ہیں to clean up that debris ' United Nations human Rights Commission نے ان کے دور میں مارچ 1994ء میں Iran and China did not give us any support on the Kashmir question. چائنہ سے انہوں نے بگاڑا، ایران سے انہوں نے بگاڑا، مارچ 1994ء کو پاکستان پیپلز پارٹی کی گورنمنٹ نے جو resolution پیش کی تھی

they had to withdraw the resolution. It was not even just possible to be tape-recorded.

انڈیا کی بات کرتے ہیں گھٹنے ٹیکنے کی، 13 فروری 1994 کو ان کی اپنی لیڈر نے بی بی سی کو interview دیا جس میں بڑا proudly proclaim کیا تھا۔ اگر یہ ان کی قائد ہندوستان کی امداد نہ کرتیں تو ہندوستان میں خالصتان movement کامیاب ہو جاتی۔ جناب یہ ان کا ایک open statement تھا۔ جنوری 1994 میں ازبکستان کے President اسلام کریموف نے کہا تھا اور یہ 'Nation' میں رپورٹ ہوا احمد رشید نے he said Pakistan, under Benazir Bhutto has lost interest in the Central Asian Region. واشنگٹن یا وہاں سے اس کی خوشنودی حاصل ہو all across جتنے ہمارے علاقے کے دوست تھے، مسلم ورلڈ کے ہوں، سنٹرل ایشیاء کے ہوں، ایران اور چائنہ ہوں ان سب سے ہماری دوری ہو چکی تھی۔ ان کی پارٹی کا بالکل one point agenda تھا۔ when they were in power they believed that the road to Islamabad lies to Washington. اس کو focus کیا جائے۔ آپ دیکھیں کہ اس کی وجہ سے ان کے stand میں contradictions اور U-turns آئیں ۔ پاکستان کی isolation انہوں نے کی اور پھر ان کے U-turn دیکھیں specific issues پہ، افغانستان پر ابھی جو stand لیا ہے ایک stand ہے، جیسے پرویز رشید صاحب نے کہا کہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کا بیان ہے کہ جنہوں نے امریکن attack کو درست کہا اور welcome کیا کہ امریکہ نے بالکل ٹھیک کیا ہے اور امریکہ سے، بقول بے نظیر بھٹو صاحبہ کے، پاکستان کو کوئی خطرہ نہیں ہے، پاکستان کو کوئی threat نہیں ہے یہ on the record

Chairperson کا stand ہے۔

اس کے next اسی دن آصف علی زرداری کا بیان جو میرے خیال میں he was a Deputy Prime Minister or whatever the real Prime Minister in their time ان کا stand مختلف تھا۔ اب ان کی پارلیمنٹری پارٹی کے جو قائدین ہیں پارلیمنٹ کے اندر ان کا stands مختلف ہے۔ پیپلز پارٹی کے تین مختلف stands اس موجودہ افغان situation پر آئے ہیں۔ ایک ان کی Chairperson کا stand' ایک ان کے آصف زرداری کا stand اور ایک ان کے قائدین کا۔ nuclear - test stand پر بھی یہی ہوا۔ پہلے stand تھا کہ کیوں نہیں کرتے' دیر کیوں کر رہے ہیں' چوڑیاں پھینکو' گورنمنٹ بزدل ہے' فوری طور پر دھماکہ کرو۔ دھماکہ ہوا' کہتے ہیں اس کا مقصد ہی کوئی نہیں تھا' چھٹے دھماکے کی ضرورت ہی نہیں تھی۔ Immediately, a U-turn was taken یہ اس پہ نہیں ہے ایک اور issue ہے the so-called issue of Islamic fundamentalism ملک کے اندر تو جنرل بابر نے کہا کہ Taliban are our boys اور openly انہوں نے کہا کہ طالبان ہمارے بندے ہیں' ان کو ہم نے encourage کیا' 94 میں ان کا statement آیا' welcome کرتے ہیں۔ مولانا فضل الرحمٰن صاحب ان کے چیئرمین صاحب National Assembly Foreign Affairs Committee کے' بڑا انہوں نے شور کیا۔ جب بے نظیر بھٹو صاحبہ امریکہ جانے لگیں تو انہوں نے New York Times کو interview دیا there is a serious threat of Islamic fundamentalism in the region. اور انہوں نے اس سے پہلے بھی ایک panel discussion میں جو top of the Central Asian leaders کے ساتھ مل کر کے کیا کہ کیا خطرات ہیں اسلامی بنیاد پرستی کے مسلم ممالک کو ۔ اس پر انہوں نے باقاعدہ ایک پوزیشن لی' ایک پوزیشن اپنے عوام کے لئے' اپنی کرسی کے لئے پاکستان کے اندر' ایک پوزیشن امریکیوں کے لئے۔ ان کا یہی موقف ہے اسلامی بنیاد پرستی so-called on this issue یہی موقف ہے on this issue of Afghanistan یہی موقف ہے on the issue of nuclear test ۔ مختلف چہرے مختلف لوگوں کے لئے تاکہ ادھر بھی acceptability ہو ادھر بھی acceptability ہو۔ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔

جب 1991 کی گلف war ہو رہی تھی تو بے نظیر بھٹو صاحبہ واشنگٹن میں جا کے' امریکہ میں بش کو کہہ رہی تھیں کہ Mr. Bush has gone the extra miles with Saddam Hussain

اور کہہ رہی تھیں کہ بیچارے بش کے پالیسی بالکل صحیح ہے۔ وہ تو بڑی کوشش کر رہا ہے امن اور شانتی کی لیکن یہ صدام حسین غلط ہے۔ ادھر پاکستان پیپلز پارٹی in Pakistan anti-American demonstrations میں حصہ لے رہی تھی۔ میرے خیال میں یہ قول و فعل کا تضاد ایک double standard ہے' U-turns ہیں' وہ نہیں ہونے چاہئیں۔ ایک responsible اور serious party کو which claims to be a national party and I think we should set the record straight on that account. So, regarding isolation--- اورکشمیر کی بات کرتے ہیں سردار آصف احمد علی ان کے فارن منسٹر تھے انہوں نے تین دفعہ اپنا موقف تبدیل کیا کشمیر پہ there are six options on Kashmir ۔ انہوں نے بات کی کہ کشمیر کا مسئلہ bilaterally solve کریں گے اور negotiations بھی ہوئیں جنوری 1994 میں فارن سیکرٹری level کی ۔ جب انڈیا نے نہیں کیا تو پھر وہ بات ختم ہوگئی۔ پھر اور issue پہ انہوں نے کہا کہ اس میں خطرہ بھی ہے وہ بھی Islamic fundamentalism کا point لے آئے ۔ So, there was no clarity, no focus, no direction on Kashmir of any part on foreign policy, only it was a question of foreign travels. ان کی فارن پالیسی تھی بیرونی دوروں کی جس کا ریکارڈ ان کی لیڈر نے قائم کیا ۔ Every third week she was on a visit abroad ان کا یہ تھا کہ which were not even foreign affairs, they were only foreign travels, so their foreign policy was foreign travels, photo opportunities, فوٹو آ جائے کسی لیڈر کے ساتھ اور سیر سپاٹے کرلیں that was the focus.

جناب چیئرمین ! at the present situation جو اب آ رہی ہے اس میں تین specific issues ہیں جو ہمیں دیکھنے چاہئیں۔ ایک ہے افغانستان دوسرا امریکہ اور تیسرا Pakistan's own national interests that has to be supreme, that has to be above party considerations, that is not linked with any individual or any government. That is linked with the State of Pakistan. That is linked with people of Pakistan اور میرے خیال میں یہ جو Pakistan's national interest ہے اس وقت اس کو مدنظر نہیں رکھا جا رہا ۔ صرف point scoring کے لئے جہاں تک افغانستان کا تعلق ہے ' افغانستان کے اوپر امریکہ نے جو حملہ کیا ہے ' وزیر خارجہ صاحب نے خود categorically and clearly statement دے دی ہے

جس میں انہوں نے solidarity express کی with the people of Afghanistan and Sudan کہ اصولی طور پر یہ غلط ہوا ہے ۔ یہ unilateral American action تھا ۔ اس کے ساتھ ساتھ کل ان کی statement بھی آئی کہ طالبان کی حکومت کو انہوں نے appreciate کیا ہے۔ پاکستان کا موقف یہ ہے اور پاکستان نے یہ سٹینڈ لیا ہے اور کوئی ان کی طرف سے یہ allegation نہیں آئی کہ پاکستان نے اس پر کوئی مدد کی یا پاکستان نے ان کو امداد دی۔ ہم نے صاف سٹینڈ لیا ہے' اصولی سٹینڈ ہے کہ جو بات غلط ہے وہ غلط ہے۔ یہ طریقہ نہیں تھا ' terrorism کو ہم condemn کرتے ہیں ' دہشت گردی کے ہم خود شکار ہیں اور یہ نوٹ کریں کہ جو انڈیا کا سٹینڈ ہے وہ سٹینڈ ہمارے اپوزیشن والے بڑے غور سے دیکھ لیں ۔ اس وقت انڈیا چاہتا ہے کہ افغانستان میں جو ہوا ہے اس کو پاکستان کے خلاف کشمیر کے حوالے سے استعمال کیا جائے ۔ نہ صرف یہ کہ very dangerous game they are playing and I would appeal to the opposition not to fall in the Indian trap. ان کے چیف آف آرمی سٹاف جنرل پرکاش ملک نے کہا کہ دیکھیں جی کہ وہ تو طالبان کا یہ سارا سلسلہ ہوا ہے ۔ انڈیا کو security threat ہے ۔ انہوں نے یہ پہلی دفعہ کہا ہے ۔ بیس تاریخ کو جنرل پرکاش ملک جو ان کے نئے COAS ہیں انڈین آرمی کے انہوں نے صاف کہا ہے ' لنک کیا افغانستان کو اور چونکہ پاکستان کی پالیسی ہے کہ ہم افغانستان سے اچھے تعلقات چاہتے ہیں they want to link it with a security threat to India and also with terrorism واجپائی نے کل جو statement دی ہے' جو ان کے وزیر دفاع کی statement کے برعکس تھی ' فرنانڈس نے شروع میں اس کی مذمت کی جو امریکہ نے کیا ۔ اب واجپائی نے کل اپنی statement دے دی کہ نہیں ہم تو سمجھتے ہیں کہ یہ دہشت گردی کا ایشو ہے ۔ اس وقت ان کی کوشش ہے انڈین لابی کی they are totally isolated in international states. They are isolated at home کہ کسی طریقے سے یہ دہشت گردی کا الزام پاکستان پر لگ جائے اور انٹرنیشنل پریشر آئے ۔ We should be against it. This is very very dangerous trap which the India is setting up جس میں کچھ انٹرنیشنل میڈیا کے لوگ بھی کوشش کر رہے ہیں اور I hope that the opposition does not fall into the trap. So far as the Afghanistan is concerned پاکستان نے واضح اور دو ٹوک موقف اختیار کیا ہے۔ ہمارے دوست اور ہمسایہ افغانستان میں جو اٹیک ہوا ہے اس کی ہم نے مذمت بھی کی ہے ۔ ہم نے کہا

ہے کہ the people of Pakistan are outraged. ہم نے indignation کی بات بھی کی ہے ' ہم نے سالمیت بھی جتائی ہے۔ افغانستان کے عوام اور افغانستان کی جو حکومت ہے اس کی طرف سے کوئی تنقید نہیں ہوئی۔

دوسرا مسئلہ ہے امریکہ کا۔ جہاں تک امریکہ کا تعلق ہے جب ہمیں اطلاع آئی کہ ایک امریکن میزائل لینڈ کیا ہے پاکستان میں اور وہ جو میزائل تھا وہ پھٹا نہیں ' پاکستانی علاقے میں گرا ہے 'جب تصدیق ہوگئی کہ there was a violation of Pakistan's territory ہم نے کہا کہ یہ بڑا غلط ہوا ہے ' we will take it to the highest level, to the U.N . Security Council. میرے خیال میں اس سے بڑا انٹرنیشنل فورم نہیں ۔ اس میں بھی ہم نے اصولی سٹینڈ لیا اور ہم نے جناب چیئرمین ! وہ کام نہیں کیا کہ جی ہم NOC کی سیاست کریں یا امریکہ سے پوچھ کے کریں ۔

غوری کا ہم نے ٹیسٹ کیا ' ہم نے کسی سے NOC نہیں لیا ' نیوکلیئر ٹیسٹ کیا ' ہم نے NOC نہیں لیا۔ ایک زمانہ تھا کہ وزیراعظم طواف کرتے تھے امریکن ایمبیسی کا یا این او سی لیتے تھے امریکن سفیر سے۔ ہم نے وہ کام نہیں کیا چونکہ پاکستان میں ایک تبدیلی آئی ہے ' ایک نئی قیادت آئی ہے، وہ قومی قیادت ہے ' اس کی جڑیں پاکستان میں ہیں ۔ وہ made in Pakistan قیادت ہے اور اس کا ویژن بھی made in Pakistan ہے ۔ کوئی made in West نہیں ہے ۔ یہ ایک فرق ہے اور اسی بنیاد پر جو اتنے بڑے بڑے فیصلے پاکستان کی تاریخ میں قومی سلامتی کے حوالے سے ' خارجہ پالیسی کے حوالے سے کبھی نہیں ہوئے تھے اب ہو گئے ہیں ۔ اور اس سے پاکستان کی جو نیشنل سیکیورٹی ہے وہ صحیح معنوں میں protect ہوگئی ہے۔

امریکہ کے ساتھ بھی ہم نے clearly کہا کہ ٹھیک ہے غلط اطلاعات کی بنیاد پر ایک فیصلہ ہوا تھا۔ ہم نے تسلیم کیا۔ میرے خیال میں حکومت کے لئے یہ بڑی بات ہے کہ اگر غلطی ہے تو تسلیم کی جائے ۔ یہ factually غلط تھا۔ ہم facts کی بات کرتے ہیں۔ ہماری international credibility اس اعتراف سے بڑھی ہے ۔ ہمارا بین الاقوامی وقار اس اعتراف سے بڑھا ہے کیونکہ اس وقت Pakistan is a nuclear state اور لوگ بڑا carefully judge کر رہے ہیں ۔

اب میں تیسرے پوائنٹ پر آتا ہوں ۔ This has Pakistan's national interests.

ابھی کچھ لوگوں نے بات بھی کی، بیانات بھی آئے کہ پاکستان امریکہ سے to be supreme.
تعلقات توڑ دے۔

What do these people want? Do they want Pakistan to declare war on America? Do they want Pakistan to be declared a war rugged state? Do they want Pakistan to be treated like Somalia? Pakistan is out of 185, 7 countries have the ultimate weapons ,the bomb , we are one of them. Out of 55 Muslim countries , we are the only one with this capability.

یہ کیا چاہتے ہیں ؛ مجھے بڑا افسوس ہے کہ اس میں ہمارے کچھ ریٹائرڈ جرنیل بھی شامل ہو گئے
ہیں ۔ who are now retired radicals or something. جن کے دور میں ہمارا سب سے زیادہ
تعلق امریکہ کے ساتھ تھا ۔امریکہ کے ساتھ بڑی قربت تھی۔ سب سے بڑا سی آئی اے سٹیشن ادھر
قائم ہوا اور اب وہ کہتے ہیں کہ امریکہ سے جنگ کریں، امریکہ سے تعلقات توڑیں، امریکہ سے بات نہ
کریں۔ we are members of the international community. Mr. Chairman, we will not
be defensive on that issue . پاکستان کا ایک رول ہے ۔ہمارا امریکہ سے ایک ڈائیلاگ ہے ۔
That dialogue is there on issues. ہم نے اصولی موقف اختیار کیا ہے۔ ہم نے defensive
بات نہیں کی۔ ہم نے نہ ان سے کوئی confrontation کرنی ہے نہ ہم نے ان سے
capitulation کرنی ہے ۔ ایک طرف confrontation ہے ایک طرف capitulation اور We
are not having one of those two options. We are exercising options as any self respecting, dignified member of international community. And we have taken
seriously -- جناب چیئرمین آپ کو یاد ہوگا جب ہندوستان نے nuclear test کئے تو صدر کلنٹن
کے قومی سلامتی کے مشیر سینڈی برجر نے کہا ۔ The Indians engaged in deceit and
deception. ان کے بارے میں کہا کہ ہندوستانیوں نے ہم سے جھوٹ بولا ہے ۔ جب پاکستان
نے سترہ دن کے بعد nuclear tests کئےاور میں سمجھتا ہوں یہ ایک بڑی master strategy تھی
to have the delay اس delay میں انڈیا کو ہم نے بےنقاب کیا اور انڈیا کی جو Hindu
fundamentalist regime BJP کو اس کے true colour میں paint کرنے کا موقع ملا۔ سارے
international media میں ہمارا point of view گیا اور بڑا effectively گیا اور سب نے کہا

کہ Pakistan has come out as a winner in this battle. چاہے وہ international media میں ہو، چاہے وہ کولمبو summit میں ہو جہاں میاں نواز شریف صاحب نے کشمیر پر ٹکا کر بات کی اور Indian journalists, Pakistani journalists and international media نے بھی accept کیا that Prime Minister Nawaz Sharif came out as a winner in this whole dialogue with Vajpaee تو اس میں ہمارا national interest supreme ہے ۔ ہم چاہتے ہیں امریکہ سے dialogue ہو ۔ ہم interests کو protect and preserve کریں گے۔ جہاں ہمارے interests کا مسئلہ آتا ہے وہ supreme ہے ۔امریکہ نے اپنے مفادات کی خاطر لائن تبدیل نہیں کی۔ ہر ایک ملک اپنا مفاد دیکھتا ہے ۔ جب ان کی بات ہو رہی تھی تو وہ آفر کر رہے تھے۔ وہ کہہ رہے تھے ٹھیک ہے پریسلر ترمیم بھی ختم کر دیں گے، بی ایم بھی ختم کر دیں گے، آپ یہ بھی لے لیں، آپ ایف 16 بھی لے لیں۔ اس وقت پریسلر غائب ہو گیا کیونکہ ان کے قومی مفاد میں تھا۔

جناب چیئرمین I wish our Senate will also become as powerful as American Senate ان کی سینیٹ نے صدر کلنٹن کو اجازت دے دی کہ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ امریکہ کے قومی مفاد میں ہے تو پاکستان پر سے آپ sanctions بھی lift کر سکتے ہیں اور پاکستان کو ہر قسم کی امداد دے سکتے ہیں ۔ یہ ایک بڑا serious and important problem ہے پاکستان کا اور ہم نے بڑے طریقے سے بڑی deft diplomacy سے handle کیا ۔ میں سمجھتا ہوں سرتاج عزیز صاحب ایک بڑے senior, experienced international statesman, I think the national security is in the safe hands under Foreign Minister Sartaj Aziz Sahib انہوں نے بڑا strong stand لیا اور بڑا سوچ سمجھ کر stand لیا۔ میں ان کو داد دیتا ہوں ۔یہ بڑی محنت سے کام کر رہے ہیں سارا کچھ کر رہے ہیں۔

This issue requires a national consensus. It requires the future of Pakistan. It requires the security of Pakistan and we would welcome a dialogue with the opposition. We are already having the dialogue. We want something which has complete national consensus --

کہ کالاباغ پر point scoring کریں، کسی اور ایشو پر point scoring کریں point scoring

احتساب پر کریں but not on the question of national security. There has to be one voice , one nation and one theme and that theme is that the bottom line is Pakistan's national security interests are supreme یہی لائن ہے وزیر اعظم نواز شریف کی۔ جب ان کی کلنٹن سے بات ہوئی، جب ان کی ٹالبوٹ سے بات ہوئی تو انہوں نے یہی کہا کہ national security interests کو ہم paramount رکھتے ہیں ۔ اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا یہ سپریم ہے اور اس کا کسی چیز کے ساتھ کوئی trade off نہیں ہوگا۔ اور اس موقف پر ہم قائم رہیں گے۔ اور اب بھی میں کہتا ہوں تین aspects ہیں۔ افغانستان کی حکومت کو بھی عوام کو بھی ہم سے کوئی شکایت نہیں ہے۔ ہم نے پوری solidarity express کی، امریکہ کے ساتھ ہم نے جو بات کی ہم نے clearly UN Security Council کل سرتاج عزیز صاحب نے اعلان بھی کر دیا ہے اور تیسرا جو ہے the most vital interest of Pakistan is national interest which should be supreme and I would hope and expect the opposition to take this position even on this context. Thank you very much.

Mr. Presiding Officer: Mian Raza Rabbani Sahib.

Mian Raza Rabbani: Sir, I won't even take a minute. Sir, first of all I would like to set the record straight on what the honourable Information Minister said, there is absolutely no dialogue which is being under taken between the government and the opposition.

Mr. Presiding Officer: This can be treated as a point of personal explanation because you have already spoken.

Mian Raza Rabbani: No sir, this is a factual explanation. All that has happened is that the government has circulated a draft to the opposition parties of a resolution. The opposition parties have got that draft and they will be having a meeting tomorrow and will decide what position to take on that draft resolution that the government has. So I would like to contradict, on behalf of all

the combined opposition in the Senate, that there is absolutely no dialogue whatsoever that is taking place with the government on this issue. That is point of clarification No. 1.

Point of clarification No.2, is that it is absolutely, totally incorrect to state that the Pakistan Peoples Party has three different points of view on the present crisis. There is absolutely no contradiction between the position taken by the former Prime Minister and Leader of the Opposition and her parliamentary party in the Senate or in the National Assembly, both are on the same wavelength following and persuing the same policy. Just another sentence I would like to add sir, even the interview which has been referred to of 'Reuter' was a one hour long exhaustive interview in which two questions were aimed on the present situation in which Mohtarma's position the next day was explained, how it was given out of context and in which she said that it is unfortunate that the United States had used force. Her statement yesterday in Lahore is in print today and her position and the positon of the Pakistan Peoples Party is totally clear and unambiguous on this question and on the question of fundamentalism. Thank you, sir.

Mr. Mushahid Hussain: Sir, I am grateful for Raza Rabbani Sahib that he has conceded that his leader made two different statements.

Mr. Presiding Officer: He was on a point of personal explanation, are you so?

Mr. Mushahid Hussain: Sir, I just want to say that he himself has admittd that their leader had made two different statements.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ اب میاں صاحب یہ فرمائیے کہ کل کے لئے آپ نے

فرمایا ہے adjourn کرنے کے لئے چار بجے ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جی ہاں جناب کیونکہ کل صبح ہماری پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ ہے اور اسمبلی کا سیشن بھی کل شام ہے اس لئے یہ بھی شام کو رکھنا پڑے گا۔ صبح میں میٹنگ ہے ہماری۔

میاں رضا ربانی۔ جناب صبح رکھ لیں ۔ میاں صاحب کل صبح کے لئے رکھ لیں ۔

Sir , parliamentary party meetings never have precedence over the session . Do parliamentary party meetings have precedence over the session? Never.

یہ نئی روایات قائم کر رہے ہیں ۔ پارلیمنٹ کو subservient کر رہے ہیں ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ کل شام کو رکھیں جی صبح میں ہم available نہیں ہوں گے ۔

Mr. Presiding Officer: House is adjourned to meet again tomorrow at 4 p.m.

[The House then was adjourned to meet again at four of the clock in the evening on Wednesday, August 26th, 1998].